Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ
Daily Awami Lalkaar
راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | جمعہ 17 جنوری 2025ء، 16 رجب المرجب 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 273

اسپیکر سے ملاقات میں اراکین نے شکوہ کیا کہ صوبائی اسمبلیوں کے اراکین کی تنخواہیں اور مراعات ہم سے زیادہ ہیں

حکومت و اپوزیشن یک زبان، تنخواہوں میں اضافے کا مطالبہ

اراکین اسمبلی نے شکوہ کیا کہ صوبائی اسمبلیوں کے اراکین کی تنخواہیں اور مراعات ہم سے زیادہ ہیں لہٰذا ہماری تنخواہوں میں اضافہ کیا جائے

حکومتی رضامندی پر تنخواہوں میں اضافے کا بل پیش ہوگا‘ اس وقت ایم این اے کی تنخواہ اور ٹی اے ڈی اے ایک لاکھ 85 ہزار روپے ماہانہ ہے

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کے اراکین نے اسپیکر سے تنخواہوں میں اضافے کا مطالبہ کردیا۔ تنخواہوں میں اضافے کیلئے حکومت اور اپوزیشن یک زبان ہوگئے، اراکین پارلیمنٹ نے اسپیکر ایاز صادق سے ملاقات کے دوران تنخواہوں میں اضافے کا مطالبہ (بقیہ نمبر1)

پنجاب حکومت نے 10 افسران کے تقرر و تبادلے کردیئے

خالد پرویز ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ پرائمری اینڈ سکینڈری ہیلتھ کیئر تعینات

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پنجاب حکومت نے 10 افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کردیئے۔ تقرری کے منتظر خالد پرویز کو ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ پرائمری اینڈ سکینڈری ہیلتھ کیئر تعینات، ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ پرائمری اینڈ سکینڈری ہیلتھ کیئر سیدہ آمنہ (بقیہ نمبر 34)

دبئی میں تقریری مقابلہ، پاکستان کے وصی شاہ کی 35 ملکوں کے طلبہ میں پہلی پوزیشن

اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی طالب علم شہرام وصی شاہ نے دبئی میں (بقیہ نمبر 9)

بچوں کی خوشی دیکھ کر آنسو آجاتے ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز

فیصل آباد (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ بغیر کسی قصور کے 5 ماہ جیل میں رہ کر آئی ہوں لیکن جیل میں نہیں روئی، پاکستان اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق مسئلہ فلسطین کے دو ریاستی حل کے اپنے موقف کا اعادہ کرتا ہے۔ طلبہ سے خطاب میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا کہ جتنا پیار مجھے طلبہ کی طرف سے مل رہا ہے وہ بیان نہیں کرسکتی، میرے مخالفین کہتے ہیں کہ یہ سب کچھ اسٹیجڈ ہوتا ہے، مخالفین یہاں آکر دیکھیں کہ کس طرح ایک ماں نے اپنے بچوں کے ساتھ اپنا رشتہ قائم کرلیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ بغیر کسی قصور کے 5 ماہ جیل میں (بقیہ نمبر51)

انتخابات میں دھاندلی کی تحقیقات
پی ٹی آئی دعوے سے دستبردار

پی ٹی آئی انتخابی دھاندلی کے قول سے دستبردار، چارٹر آف ڈیمانڈ پیش کردیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) حکومت کے ساتھ مذاکرات کے تیسرے دور میں پاکستان تحریک انصاف نے 7 نکاتی چارٹر آف ڈیمانڈ پیش کردیا تاہم وہ انتخابی دھاندلی کی عدالتی تحقیقات کے دیرینہ مطالبے سے پیچھے ہٹ گئی۔ جمعرات (بقیہ نمبر 4)

ایاز صادق کا پارلیمنٹ لاجز میں 104 فیملی سوئٹس کی تعمیر میں تاخیر پر برہم

سردار ایاز صادق نے پارلیمنٹ لاجز میں 104 فیملی سوئٹس کی تعمیر میں طویل تاخیر پر برہمی کا اظہار کیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) قومی اسمبلی کے اسپیکر سردار ایاز صادق نے پارلیمنٹ لاجز میں 104 فیملی سوئٹس کی تعمیر میں طویل تاخیر پر برہمی کا اظہار کیا ہے۔ یہ منصوبہ جو کہ ایک دہائی سے زائد عرصے سے جاری ہے، قومی اسمبلی کے ارا (بقیہ نمبر7)

کامیاب مذاکرات سے سیاسی استحکام آجائیگا، شرمیلا فاروقی

بائیکاٹ بھی کر رہے ہیں پھر انھوں نے 8 فروری کیلئے اناؤنس کر دیا، شرمیلا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پیپلز پارٹی شرمیلا فاروقی کا کہنا ہے کہ مذاکرات کامیاب ہوجائینگے تو ہم سب کو خوشی ہوگی، اس سے سیاسی استحکام آجائے گا اور پھر معاملات آگے چلیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس وقت جو بھی باتیں (بقیہ نمبر12)

غزہ معاہدہ مکمل، اتوار سے عمل شروع ہو جائیگا، قطری وزیراعظم

غزہ میں قید اسرائیلی یرغمالیوں اور فلسطینیوں قیدیوں کے تبادلے کا عمل آئندہ اتوار کو ہوگا‘ قطری وزیراعظم، قطر، مصر اور امریکہ کو غزہ کی پٹی کے تنازعے کیلئے دونوں فریقوں کیلئے مشترکہ ثالثی کی کوششوں کی کامیابی کا اعلان کرتے ہوئے خوشی ہورہی ہے، وزیراعظم پاکستان

قیدیوں اور یرغمالیوں کے تبادلے اور پائیدار امن کی طرف واپسی کے حوالے سے ایک معاہدے تک پہنچنے میں کامیابی، قطری وزیراعظم نے اس بات کی تصدیق کی کہ حماس پہلے مرحلے میں 33 قیدیوں کو رہا کرے گی

دوحہ (این این آئی) قطری وزیراعظم شیخ محمد بن عبدالرحمٰن بن جاسم الثانی نے اعلان کیا ہے کہ اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ بندی کا معاہدہ طے پا گیا ہے اور غزہ میں قید اسرائیلی یرغمالیوں اور فلسطینیوں قیدیوں کے تبادلے کا عمل آئندہ اتوار کو ہوگا۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق وزیراعظم نے ایک پریس کانفرنس سے خطاب میں کہا کہ قطر، مصر اور امریکہ کو غزہ کی پٹی کے تنازعے کیلئے دونوں فریقوں کیلئے مشترکہ ثالثی کی کوششوں کی کامیابی کا اعلان کرتے ہوئے خوشی ہورہی ہے، قیدیوں اور یرغمالیوں کے تبادلے اور پائیدار امن کی طرف واپسی کے حوالے سے ایک معاہدے تک پہنچنے میں کامیابی ملی ہے۔ قطری وزیراعظم نے اس بات کی تصدیق کی کہ حماس پہلے مرحلے میں 33 قیدیوں کو رہا کرے گی، غزہ معاہدے میں امداد کی فراہمی اور ہسپتالوں کی بحالی شامل ہے۔ شیخ محمد بن عبدالرحمٰن الثانی نے کہا کہ پہلا مرحلہ 42 دن تک جاری رہے گا جس میں جنگ بندی ہوگی اور اس میں اسرائیلی (بقیہ نمبر65)

وفاقی وزیرخزانہ اور محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نئی انرجی وہیکل (NEV) پالیسی 2025 پر ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

شدید دھند کے باعث موٹروے کے مختلف سیکشنز ٹریفک کے لیے بند

لاہور (این این آئی) شدید دھند کی وجہ سے لاہور، سیالکوٹ اور رحیم یارخان کے مختلف موٹروے حصے ٹریفک کیلئے بند کردیے گئے ہیں۔ موٹروے پولیس کے ترجمان سید عمران احمد کے مطابق لاہور سے ہرن مینار تک موٹروے ایم 2، سیالکوٹ سے لاہور تک (بقیہ نمبر 8)

تیراہ‘ ایک ماہ کے دوران 22 خوارج مارے گئے

شہریوں کیخلاف دہشتگردی کے متعدد واقعات رونما ہوئے جن میں کئی اموات ہوئیں

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) سیکورٹی فورسز نے خیبر کے علاقے وادی تیراہ میں 14 دسمبر 2024 سے مختلف آپریشنز میں اب تک 22 خوارج کو ہلاک اور 18 خوارج کو زخمی کردیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) سے جاری بیان میں کہا گیا کہ خیبر کے علاقے وادی تیراہ میں فورسز اور معصوم شہریوں کے خلاف دہشت گردی کے متعدد واقعات رونما ہوئے جن میں کئی اموات ہوئیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق گھناؤنی کارروائیوں کے جواب میں سیکیورٹی فورسز علاقے میں خوارج کے (بقیہ نمبر 6)

حکومتی فیصلوں کیخلاف تمباکو بورڈ ملازمین کا ہنگامی اجلاس

وفاقی حکومت کے رائٹ سائزنگ کمیٹی کی مجوزہ فیصلہ سے یہ تمباکو فصل بھرپور متاثر ہوگی‘ فیصلوں پر نظرثانی کا مطالبہ

پاکستان تمباکو بورڈ ایک خودمختار وفاقی ادارہ ہے جو کہ اپنے تفویض کردہ امور احسن طریقے سے سرانجام دے رہا ہے

پشاور (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان تمباکو بورڈ کے ملازمین کا وفاقی حکومت کے رائٹ سائزنگ کمیٹی کے حوالے سے ہونیوالے فیصلے کیخلاف پاکستان تمباکو بورڈ ہیڈ آفس پشاور میں ایک ہنگامی اجلاس منعقد ہوا کیونکہ پاکستان تمباکو بورڈ ایک خودمختار وفاقی ادارہ ہے (بقیہ نمبر31)

پاکستان تمباکو بورڈ ملازمین کا وفاقی حکومت کے رائٹ سائزنگ کمیٹی کے فیصلے کیخلاف ہیڈ آفس پشاور میں ہنگامی اجلاس جاری ہے

اقتصادی سفارتکاری میں اصلاحات ناگزیر، پاکستان بزنس فورم

پاکستان کے سفارتی مشنز تجارتی اقتصادی تعلقات کو دوسرے ممالک کے ساتھ مستحکم کریں‘ خواجہ محبوب الرحمٰن

مالی سال 2024 کے پہلے آٹھ ماہ میں غیرملکی براہ راست سرمایہ کاری (FDI) میں 17.1 فیصد کی کمی آئی‘ حالیہ رپورٹ

کراچی (این این آئی) مرکزی صدر پاکستان بزنس فورم خواجہ محبوب الرحمان نے پاکستان کی اقتصادی سفارتکاری میں اصلاحات کی فوری ضرورت پر زور دیا ہے تاکہ تجارت کو بڑھایا جا سکے، غیرملکی براہ راست سرمایہ کاری (FDI) کو متوجہ کیا جا (بقیہ نمبر23)

ڈپٹی کمشنر جھنگ علی اکبر بھنڈر کے حکم پر شہر بھر میں ناجائز تجاوزات کیخلاف آپریشن جاری ہے

تجاوزات کے مکمل خاتمہ کے حوالہ سے آپریشن جاری

پختہ تجاوزات کو ہیوی مشینری سے ختم کیا جارہا ہے‘ ڈپٹی کمشنر جھنگ علی اکبر بھنڈر

جھنگ (سید ساغر حسین) ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کی ہدایت پر میونسپل کمیٹی جھنگ کی جانب سے تجاوزات کے مکمل خاتمہ کے حوالہ سے آپریشن جاری ہے، اس ضمن میں (بقیہ نمبر30)

سانگلہ ہل، سی ای او ایجوکیشن ننکانہ ڈاکٹر محمد قیوم خان کا 5 سکولوں کا اچانک دورہ

ننکانہ صاحب (این این آئی) سی ای او ایجوکیشن ننکانہ ڈاکٹر محمد قیوم خان نے تحصیل سانگلہ ہل کے 5 سکولوں گورنمنٹ (بقیہ نمبر28)

سانگلہ ہل گنے کی ٹرالیاں اور ڈمپر حادثات کا سبب بننے لگے

ننکانہ صاحب (این این آئی) تحصیل سانگلہ ہل سٹی کے اندر گنے کی ٹرالیوں اور ڈمپروں کا کھلم کھلا راج چلنے لگا۔ سکول ٹائم گنے کی ٹرالیوں اور ڈمپروں کی وجہ سے جہاں (بقیہ نمبر 29)

رومینہ خورشید کا ”انسانی مستقبل“ کے حوالے سے خطاب

قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے قومی موسمیاتی حکمت عملی کی ضرورت پر زور

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کی معاون برائے موسمیاتی تبدیلی، رومینہ خورشید عالم نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نپٹنے کے لیے عالمی سطح پر مستحکم حکمت عملی کی ضرورت ہے۔ ”انسانی مستقبل“ کے موضوع پر ایک اہم تقریب سے خطاب کرتے ہوئے قدرتی آفات کے بڑھتے ہوئے خطرات سے نمٹنے کے لیے قومی موسمیاتی رسک (بقیہ نمبر24)

مٹی کے تیل کی قیمت بھی 6 روپے 30 پیسے بڑھا دی

ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 2 روپے 61 پیسے فی لیٹر اضافہ کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پیٹرول اور ڈیزل کے بعد مٹی کا تیل بھی مہنگا ہوگیا، مٹی کے تیل کی قیمت میں 6 روپے 30 پیسے فی لیٹر کا اضافہ کردیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق مٹی کے تیل کی نئی قیمت 169 روپے 25 پیسے فی لیٹر مقرر کردی گئی، مٹی کے تیل کی نئی قیمت کا اطلاق جمعرات سے کیا گیا ہے۔ اس سے قبل مٹی کے تیل کی قیمت 162 روپے 95 (بقیہ نمبر 25)

بانی پی ٹی آئی کی 8 مقدموں میں ضمانت کی درخواست، پولیس کو نوٹس جاری، جواب طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی کی 8 مقدموں میں ضمانت کی (بقیہ نمبر 20)

جہیز ایک لعنت ہے‘ جہیز ممانعت بل کا خیرمقدم کرتے ہیں، تحریک منہاج القرآن کراچی

کراچی (این این آئی) تحریک منہاج القرآن کراچی کے صدر مسعود (بقیہ نمبر22)

ایف ڈی اے کی طرف سے غیرقانونی کمرشلائزیشن کے خلاف کارروائی کی جارہی ہے

غیرقانونی کمرشلائزیشن کے خلاف بھرپور مہم جاری

رہائشی جائیدادوں کو بلامنظوری کمرشل بنانے پر 35 دکانوں کو سربمہر کردیا گیا

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری کی ہدایات پر ایف ڈی اے کے زیرکنٹرول رہائشی کالونیوں میں غیرقانونی کمرشلائزیشن کے (بقیہ نمبر 21)

آزاد کشمیر کا آئین قرآن و سُنہ کے منافی نہیں ہوگا‘ صدر

آزاد کشمیر کے آئین میں کوئی بھی قانون قرآن و سُنہ کے منافی نہیں ہوگا، صدر ریاست

مظفرآباد (این این آئی) اسلامی نظریاتی کونسل آزاد جموں وکشمیر کا خصوصی اجلاس چیف جسٹس آزاد جموں وکشمیر جسٹس راجہ سعید اکرم خان کی زیرصدارت ایوان صدر مظفرآباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس کے مہمان خصوصی صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری تھے۔ اجلاس میں ممبران اسلامی نظریاتی کونسل مفتی کفایت حسین نقوی، مولانا (بقیہ نمبر 57)

بھارتی بحریہ کا ہرمس 900 ڈرون تجرباتی پرواز میں تباہ

ہرمس 900 ڈرون کی قیمت تقریباً 145 کروڑ بھارتی روپے بتائی گئی ہے

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی بحریہ کا ہرمس 900 ڈرون تجرباتی پرواز کے (بقیہ نمبر63)

کمشنر مریم خان کا زیرتکمیل ڈرگ ری ہیبلیٹیشن سنٹر کا دورہ

ہلال احمر کے زیراہتمام نشہ کے عادی افراد کی بحالی کیلئے اقدامات کئے جائیں گے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) کمشنر فیصل آباد مریم خان نے جھنگ روڈ پر (بقیہ نمبر10)

امریکی مسلمان لاس اینجلس میں متاثرین کی مدد کو پہنچ گئے

مسلم فلاحی تنظیم اکنا ریلیف کے سی ای او عبدالرؤف خان کا متاثرہ علاقے کا دورہ

لاس اینجلس (این این آئی) امریکی مسلمان لاس اینجلس میں متاثرین (بقیہ نمبر 62)

ملکی مفاد کی خاطر سیاسی بصیرت سے کام لینا ہوگا انتشار اور تشدد کی سیاست کو ہمیشہ کیلئے دفن کرنا ہوگا
سب کو ساتھ لیکر چلنا ہوگا معاف کرنا ہی بڑا پن ہے مسائل کا حل مذاکرات سے ہے

وکلاء برادری اور سول سائٹی کے اراکین مشترکہ طور پر احتجاجی مظاہرہ کررہے ہیں

وکیل قاضی انور ایڈووکیٹ کو 1 مہینے کی حفاظتی ضمانت مل گئی

قاضی صاحب آپ کے خلاف بھی ایف آئی آر درج ہے، اس میں کیا لکھا ہے؟

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے پی ٹی آئی کے وکیل قاضی انور ایڈووکیٹ کو ایک مہینے کی حفاظتی ضمانت دے دی۔ عدالت میں چیف جسٹس اشتیاق ابراہیم اور جسٹس وقار احمد نے قاضی محمد انور ایڈووکیٹ کی مقدمات کی تفصیلات کے لیے دائر درخواست پر سماعت کی۔ دورانِ سماعت چیف جسٹس اشتیاق ابراہیم استفسار کیا کہ قاضی صاحب آپ (بقیہ نمبر58)

بگن جانیوالے امدادی قافلے پر دہشتگردوں کا حملہ

راکٹ لگنے سے قافلے کی 3 گاڑیوں کو نقصان بھی پہنچا ہے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کرم

پشاور (این این آئی) ضلع کرم کیلئے ٹل کینٹ سے جانیوالے امدادی قافلے پر دہشتگردوں نے حملہ کیا جس کے نتیجے میں ایک اہلکار شہید ہوگیا جبکہ جوابی کارروائی میں 6 حملہ آور بھی مارے گئے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کرم کے مطابق جمعرات کو کرم سے بگن جانے والے تیسرے امدادی قافلے پر دہشتگردوں نے راکٹوں سے حملہ کیا اور فائرنگ بھی کی جس کے نتیجے میں (بقیہ نمبر59)

محسن نقوی کا کامیاب آپریشن پر فورسز کو خراج تحسین

22 خوارجی دہشتگردوں کو جہنم واصل کرکے بڑی کامیابی حاصل کی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے ضلع خیبر کی وادی تیراہ میں کامیاب انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ جمعرات کو جاری بیان میں وزیرداخلہ محسن نقوی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے ایک بار پھر بروقت آپریشن کرکے 22 خوارجی دہشتگردوں کو عبرتناک انجام تک پہنچایا۔ محسن نقوی نے کہا کہ 22 (بقیہ نمبر 66)

وزیراعظم کا خوارجی کیخلاف فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے تیراہ، ضلع خیبر میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جینس بیسڈ آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز (بقیہ نمبر 67)

بڑھ رہا ہے پنجاب بڑھ رہا ہے پاکستان

کاروبار، معیشت کی بہتری اور برآمدات میں اضافہ کے لئے

CM PUNJAB MARYAM NAWAZ

ہر قسم کے کاروبار کے لئے
36 ارب روپے سے زائد کی خطیر رقم سے
وزیراعلیٰ پنجاب آسان کاروبار فنانس
10 لاکھ روپے سے 3 کروڑ روپے تک کے قرضہ جات
5 سال میں آسان واپسی

اسٹارٹ اپ اور چھوٹے کاروبار کے لئے
48 ارب روپے سے زائد کی خطیر رقم سے
وزیراعلیٰ پنجاب آسان کاروبار کارڈ
10 لاکھ روپے تک کے بلاسود قرضہ کی سہولت
3 سال میں آسان واپسی

0% مارک اپ

اہلیت — مرد، خواتین، خواجہ سراء اور خصوصی افراد
☑ پنجاب کے رہائشی ہوں ☑ جن کی عمر کی حد 25 سے 55 سال تک ہو
☑ درست قومی شناختی کارڈ رکھتا ہو ☑ کسی بھی مالیاتی ادارے کا نادہندہ نہ ہو
☑ ایکٹیو ٹیکس فائلر ہو ☑ اپنی کاروباری جگہ ملکیت / کرایہ پر ہو

اہلیت — مرد، خواتین، خواجہ سراء اور خصوصی افراد
☑ پنجاب کے رہائشی ہوں ☑ جن کی عمر کی حد 21 سے 57 سال تک ہو
☑ درست قومی شناختی کارڈ رکھتا ہو ☑ درخواست دہندہ نام پر سم کارڈ رجسٹرڈ ہو
☑ ایکٹیو ٹیکس فائلر ہو

☑ ایس ایم ای کارڈ کے ذریعے قرض کی سہولت ☑ 25% تک کیش نکالنے کی سہولت ☑ سرکاری فیس، ٹیکس اور یوٹیلیٹی بل کی ادائیگی ☑ خام مال کی خریداری کے لیے وینڈرز کو ادائیگی

آن لائن درخواست اور تفصیلات کے لئے ویب پورٹل
Assaan Karobar Finance
akf.punjab.gov.pk

مزید معلومات و رہنمائی کیلئے
ہیلپ لائن 1786

آن لائن درخواست اور تفصیلات کے لئے ویب پورٹل
Assaan Karobar Card
akc.punjab.gov.pk

حکومت پنجاب
SPL-112

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

پاک بنگلہ تعلقات کا نیا دور

بنگلہ دیش میں چند ماہ پہلے انتہائی پاکستان مخالف اور شدید بھارت نواز حکومت کے خلاف عوامی انقلاب کے بعد یہ امر نہایت خوش آئند ہے کہ عبوری حکومت کے دور میں پاک بنگلہ تعلقات مسلسل ترقی پذیر ہیں۔ معیشت و تجارت کے شعبوں میں اہم پیش رفت کے علاوہ دفاع کے میدان میں بھی باہمی روابط کا فروغ جاری ہے۔ اس حوالے سے گزشتہ روز پرنسپل اسٹاف افسر لیفٹیننٹ جنرل ایس ایم قمرالحسن کی قیادت میں بنگلہ دیش کے فوجی وفد کی پاکستان آمد، جی ایچ کیو کا دورہ اور آرمی چیف جنرل عاصم منیر اور چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد مرزا سے تفصیلی ملاقاتوں میں خطے کی بدلتی ہوئی سیکیورٹی صورت حال کی روشنی میں دفاعی شعبے میں پائیدار شراکت داری بڑھانے اور خصوصا بیرونی مداخلت کے خلاف متحد رہنے کے عملی اقدامات پر تبادلہ خیال اس حقیقت کا غماز ہے کہ آج سے 54 برس پہلے اپنوں کی غلطیوں اور دشمن کی سازشوں کے سبب بچھڑ جانے والے بھائی ازسرنو عہدِ وفا باندھ رہے ہیں اور آملے ہیں سینہ چاکانِ چمن سے سینہ چاک کا روح پرور منظر دونوں ملکوں میں آباد چالیس کروڑ سے زائد سابق ہم وطنوں کو شاد کام کر رہا ہے۔ بھارت کی شہ پر پاکستان کو دولخت کرنے والی قیادت آج بنگلہ دیش کے نوجوانوں کی شدید نفرت کا ہدف ہے۔ فوجی مداخلت کے ذریعے پاکستان کو توڑنے کے بعد بھارتی وزیراعظم اندرا گاندھی کا یہ اعلان کہ ہم نے دو قومی نظریہ خلیج بنگال میں غرق کر دیا ہے تاریخ کے کوڑے دان میں دفن ہو چکا ہے اور قیام پاکستان کی بنیاد بننے والا دو قومی نظریہ نئی توانائیوں کے ساتھ اپنی صداقت منوا رہا ہے۔ گزشتہ ماہ اس حقیقت کا ایک شاندار مظاہرہ بنگلہ دیش میں بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی سالگرہ منائے جانے کی شکل میں ہوا اور منعقدہ تقاریب میں فضا پاکستان زندہ باد کے نعروں سے گونجتی رہی۔ اس حوالے سے ایک نہایت اہم پیش رفت یہ ہے کہ بنگلہ دیش میں پاکستان دشمنی پر مبنی تعلیمی نصاب میں اصل تاریخی حقائق کے مطابق اصلاحات کی جارہی ہیں۔ یہ سب اس بنا پر ہو رہا ہے کہ بنگلہ دیش کے لوگ حسینہ واجد کے پاکستان سے منافرت اور بھارت سے ہر ممکن قربت پر مبنی دور میں اپنے ملک کا عملا بھارت کی کالونی اور اس کے مفادات کا آلہ کار بن جانا دیکھ چکے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے حسینہ واجد کی حکومت کے خلاف یونیورسٹیوں کے طلبا کی انقلابی تحریک کا دل و جان سے ساتھ دیا اور اس کا نتیجہ سابق وزیراعظم کے ملک سے فرار اور بنگلہ دیش کے عالمی شہرت یافتہ ماہر معاشیات ڈاکٹر محمد یونس کی قیادت میں عبوری حکومت کے قیام کی شکل میں رونما ہوا۔ اس کے بعد پاک بنگلہ تعلقات محض پانچ ماہ کی مدت میں برسوں کا فاصلہ طے کر چکے ہیں۔ پاکستان کے سمندری جہاز پانچ دہائیوں کے بعد مال تجارت لے کر براہ راست بنگلہ دیش کی بندرگاہوں تک پہنچ رہے ہیں۔ عالمی فورموں پر پاکستان اور بنگلہ دیش ہم آواز ہیں۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر دونوں ملکوں کے سربراہوں میں براہ راست ملاقات ہو چکی ہے۔ پاکستان کے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر اسحٰق ڈار ایک وفد کے ساتھ بنگلہ دیش کا دورہ کر چکے ہیں۔ جنوبی ایشیائی علاقائی تعاون کی تنظیم سارک کو بحال کرنے کی کوششیں جاری ہیں جو بھارت کی عدم دلچسپی کے باعث برسوں سے غیر فعال ہے۔ دفاعی شعبے میں تعاون کے حوالے سے طے پا چکا ہے کہ پاکستان کی مسلح افواج بنگلہ دیش کی افواج کو تربیت دیں گی جبکہ رواں سال دونوں ملکوں کی افواج مشترکہ مشقوں میں بھی حصہ لیں گی۔ بنگلہ دیش کے فوجی وفد کے دورہ پاکستان سے ان معاملات میں یقیناً تیز رفتار پیش رفت ہوگی خدا کرے دونوں برادر ملکوں میں باہمی یگانگت کا یہ تعلق ہر آنے والے دن کے ساتھ پختہ تر ہوتا جائے اور حکومتوں کی تبدیلیوں سے اس میں کوئی فرق نہ آئے۔

تماشہ گاہ

قلم کمان
☆☆☆
حامد میر
SMS: #HMC (space) message & send to 8001
hamid.mir@janggroup.com.pk

پاکستان میں سیاست دانوں کے درمیان مذاکرات کے نام پر اکثر اوقات دھوکہ ہوتا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ مذاکرات کرنے والے سیاست دان اکثر اوقات بے اختیار ہوتے ہیں۔ آج کل شہباز شریف کی حکومت اور تحریک انصاف کے درمیان مذاکرات کا تماشہ چل رہا ہے۔ اس تماشے میں مزید تماشے شامل ہو رہے ہیں۔ القادر ٹرسٹ کیس میں ایک جج صاحب عمران خان کے خلاف 190 ملین پاؤنڈز کے مبینہ غبن کے مقدمے میں فیصلہ سنانے کیلئے تین مرتبہ تاریخ کا اعلان کر چکے ہیں لیکن ہر مرتبہ اگلی تاریخ ڈال دیتے ہیں۔ نوبت یہ آگئی ہے کہ عمران خان کی بہن علیمہ خان للکارے مار رہی ہیں کہ ہمت ہے تو فیصلہ سناؤ۔ عمران خان بھی اس مقدمے میں دس سے چودہ سال قید کی امید لگائے بیٹھے ہیں۔ انہیں اچھی طرح پتہ ہے کہ اس مقدمے میں سنائی جانے والی سزا سے انہیں انواع واقسام کے فائدے حاصل ہو سکتے ہیں۔ جس ملزم پر انہیں 190 ملین پاؤنڈ دینے کا الزام ہے وہ دبئی میں نئے ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کر رہا ہے۔ افتتاحی تقریبات کی خبریں اور تصویریں پاکستانی میڈیا کی زینت بن رہی ہیں۔ موجودہ حکومت کے بعض دبنگ وزرا اس ملزم کے دبئی دربار میں حاضری دیکر عمران خان کے خلاف وعدہ معاف گواہ بننے کی منت کر چکے ہیں لیکن ملزم ان فریادی وزرا کو خالی ہاتھ واپس بھیج دیتا ہے۔ یہ ملزم پاکستان کے اصل فیصلہ سازوں کے گھر کا بھیدی ہے وہ جانتا ہے کہ اصل کھیل احتساب عدالت سے سزا سنائے جانے کے بعد شروع ہوگا جب یہ فیصلہ ہائی کورٹ میں چیلنج کیا جائے گا ہائیکورٹ میں سماعت شروع ہونے کے بعد سپریم کورٹ کے کردار پر بحث شروع ہوگی جس نے 190 ملین پاؤنڈز کو برطانیہ سے پاکستان لانے میں سہولت کاری کی۔ مجھے ذاتی طور پر علم ہے کہ ایک طرف موجودہ حکومت کی کچھ شخصیات عمران خان کو سیاسی طور پر ختم کرنے کے درپے ہیں دوسری طرف یہ شخصیات القادر ٹرسٹ کیس کے دبئی بیٹھے ملزم کو کسی نہ کسی طریقے سے بچانا چاہتی ہیں اور یہی وہ تضاد ہے جس کا عمران خان فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔ عمران خان کی سیاسی مقبولیت کو ختم کرنے کیلئے ایک سے زائد بار ان کے ساتھ ڈیل کی کوشش کی جا چکی ہے، خان صاحب ہر بار ڈیل پر بات آگے چلاتے ہیں، تمام اسرار ورموز سے آگاہی حاصل کرتے ہیں اور آخر میں انکار کر کے اپنے ہی ساتھیوں کو ناراض کر دیتے ہیں کیونکہ ہر مرتبہ ڈیل پیکیج لانے والا ان کی اپنی ہی جماعت کا کوئی پرانا یا نیا بندہ ہوتا ہے۔ بار بار ڈیل کی ناکامی کے بعد تحریک انصاف کے پرانے اور نئے بازی گروں نے عمران خان کے ساتھ جیل میں ڈیل کی کوشش چھوڑ دی ہے۔ ان بیچاروں کو شک پڑ گیا ہے کہ خان صاحب رہائی میں سنجیدہ نہیں بلکہ ڈیل کی بات چیت کرنے کیلئے پیغام رسانی کرنے والوں کی پہنچ کا اندازہ لگانے کیلئے معاملات آگے بڑھاتے ہیں اور پھر یوٹرن مار دیتے ہیں۔ عمران خان ہر بار ڈیل سے انکار کر کے عوام الناس کو یہ پیغام دینا چاہتے ہیں کہ ان میں اور نواز شریف میں یہی فرق ہے۔ نواز شریف جب بھی جیل جاتے ہیں ڈیل کر کے بیرون ملک چلے جاتے ہیں عمران خان ڈیل کر کے نہ تو پاکستان سے باہر جانا چاہتے ہیں نہ ہی دوبارہ وزیراعظم بننا چاہتے ہیں۔ ان کے ایک وکیل نے پوچھا کہ لگتا ہے آپ دوبارہ وزیراعظم نہیں بننا چاہتے، خان صاحب نے کہا کہ ایک دفعہ وزیراعظم بن کر دیکھ لیا میں دوبارہ شہباز شریف جیسا وزیراعظم نہیں بننا چاہتا۔ انکے دل میں عجیب وغریب خواہشات مچل رہی ہیں انکی خواہش ہے کہ ان پر فوجی عدالت میں بھی مقدمہ چلایا جائے تاکہ انہیں اپنے تمام سیاسی حریفوں پر برتری حاصل ہو جائے۔ 1999 میں نواز شریف پر آرمی چیف کا طیارہ ہائی جیک کرنے کا الزام لگایا گیا تھا لیکن ان پر فوجی عدالت میں مقدمہ نہیں چلایا گیا تھا پھر مقدمے کا فیصلہ ہونے سے پہلے ہی نواز شریف نے کچھ غیر ملکی دوستوں کی مدد سے جنرل پرویز مشرف کے ساتھ ایک ڈیل کی اور بیرون ملک چلے گئے۔ عمران خان چاہتے ہیں ان پر فوجی عدالت میں کوئی نہ کوئی مقدمہ چلایا جائے کیونکہ اس فوجی عدالت سے جو سزا سنائی جائے گی اس کا خمیازہ پاکستان کی پوری حکمران اشرافیہ بھگتے گی۔ عمران خان اتنے خطرناک ہو چکے ہیں کہ اپنی قید اور اپنی سزاؤں کو ایک ہتھیار کے طور پر استعمال کر رہے ہیں صاحبان اختیار اس ہتھیار کو توڑنے کیلئے مذاکرات کی کلہاڑی استعمال کر رہے ہیں۔ مذاکرات کیلئے جو میز سجائی گئی ہے اس پر بیٹھے دونوں فریقین بے اختیار ہیں۔ حکومتی ٹیم کی بے اختیاری تو کوئی راز نہیں تحریک انصاف کی مذاکراتی ٹیم بھی بے اختیار ہے کیونکہ اصل فیصلہ تو قید اور سزاؤں کے شوقین عمران خان نے کرنا ہے۔ یہ وہ صورتحال ہے جس میں مذاکرات کے ساتھ ساتھ پاکستان کا پورا نظام انصاف ایک تماشہ بن جائے گا۔ شہباز شریف کی حکومت کا دعوی ہے کہ اس نے پاکستانی معیشت کو بحران سے نکال لیا ہے لیکن دوسری طرف وفاقی وزارت خزانہ کی طرف سے قومی اسمبلی کو بتایا گیا ہے کہ گزشتہ مالی سال میں قرضوں کا بوجھ اور مالیاتی خسارہ بڑھ گیا ہے 2023 میں ہر پاکستانی پر دو لاکھ 71 ہزار روپے کا قرضہ تھا 2024 میں تین لاکھ دو ہزار روپے ہو گیا 2025 میں قومی اسمبلی سے منظور کردہ ایک قانون کے تحت حکومت بجٹ خسارے کو مجموعی قومی پیداوار کے 3.5 فیصد تک رکھنے کی پابند ہے لیکن 2024 میں یہ خسارہ 7.3 فیصد تک پہنچ گیا جو ساڑھے سات کھرب روپے سے بھی زیادہ ہے۔ حکومت نے سرکاری خرچ کم کرنے کی بجائے بڑھا دیئے ایک طرف خرچ کم کرنے کیلئے ہزاروں سرکاری ملازمین کو نوکریوں سے نکالا جا رہا ہے دوسری طرف اربوں روپے کے غیر ضروری منصوبے شروع کر دیئے جاتے ہیں تاکہ تعمیراتی کاموں میں کرپشن کی جائے۔ اسلام آباد اس کرپشن کا گڑھ ہے جہاں پہلے ایک سڑک بنائی جاتی ہے پھر اکھاڑ کر دوبارہ بنائی جاتی ہے اور اربوں روپے ضائع کر دیئے جاتے ہیں۔ احتساب بیورو کا کام اس کرپشن کو روکنا تھا لیکن سال ہا سال سے احتساب کے نام پر کبھی نواز شریف اور کبھی عمران خان اپنے مخالفین کو سزائیں دلاتے ہیں اور بعد میں خود بھی سزاؤں کا نشانہ بنتے ہیں۔ عمران خان فی الحال ان سزاؤں کو اپنی طاقت بنا کر پورے سسٹم کو تماشہ بنانے پر تلے بیٹھے ہیں انہیں پتہ ہے کہ قرضے لیکر حکومت چلانے والے بہت جلد بے نقاب ہو جائیں گے نہ تو انہیں حکومت پر اعتماد ہے نہ ہی اپنے ان ساتھیوں پر جو جیل میں ڈیل کا پیکیج لیکر آتے جاتے رہتے ہیں۔ معاملات سنبھالنے کا ایک ہی طریقہ ہے کہ حکومت اور تحریک انصاف مل کر پارلیمینٹ کو بااختیار بنائیں جو آج کل ایک تماشہ گاہ بنی ہوئی ہے۔

☆☆☆

میرے سوہنڑیں گوجر خان کو نظر لگ گئی

تحریر: قمر شہزاد مغل

تاریخ دان لکھے گا قمر یہ ضرور
اک شخص تھا جو کہتا رہا' شہر کو بچا
زمین کھا گئی نوجوان کیسے کیسے غیر قانونی ہاؤسنگ
سوسائٹیز موت بانٹنے لگیں
عبدالرحمن جامی کا ابھی کفن میلا نہیں ہوا ایک اور
گڑیل جوان راجہ دانیال کیانی کو بھی موت کی
وادی میں پہنچا دیا گیا
دلّی جو ایک شہر تھا عالم میں انتخاب
رہتے تھے منتخب ہی جہاں روزگار کے
اس کو فلک نے لوٹ کے برباد کر دیا
ہم رہنے والے ہیں اسی اجڑے دیار کے

نیو میگا سٹی گوجر خان کے لینڈ پرووائیڈر کی راولپنڈی کے احساس ایریا میں ٹارگٹ کلنگ، ہائی پروفائل سکیورٹی زون ایریا میں پیش آنے والے واقعے نے سکیورٹی پر سوالیہ نشان لگا دیا مسلحہ شوٹر اسلحہ سے لیس ہو کر حساس ایریا میں کیسے داخل ہوئے فول پروف سیکیورٹی کے کھوکھلے دعوے کھل کر سامنے آگئے دن دیہاڑے فائرنگ سے بزنس مین سیاسی شخصیت 32 سالہ راجہ دانیال اقبال کیانی ابدی نیند سو گیا جبکہ اسکا ساتھی شدید زخمی ہو گیا افسوسناک واقعہ اس وقت پیش آیا جب وہ انسداد دہشت گردی کی عدالت سے اپنی پیشی سے واپسی پر کچہری سے باہر نکلا ڈی سی آفس کے ایریا میں گھات لگائے ملزمان کے ریڈار میں آگئے اور ملزمان با آسانی راہ فرار اختیار کر گئے واقعے کا مقدمہ تھانہ سول لائن میں سابق قاتلانہ حملہ کرنے والے ملزمان کے خلاف درج کروایا گیا ڈیڈ باڈی کو سکیورٹی میں انکے آبائی علاقے پہنچایا گیا جب زندہ تھا اسکی حفاظت یقینی نہ بنائی گئی جو کہ لمحہ فکریہ ہے مقتول کا نیو میٹرو سٹی گوجر خان کیساتھ کافی ٹائم سے جدی زمین کا تنازع چلا آرہا تھا قبل ازیں گزشتہ سال اپریل میں راجہ دانیال کیانی پر اس وقت قاتلانہ حملہ ہوا تھا جب وہ اپنے گھر مسہ کسوال جا رہا تھا جسکا مقدمہ نیو میٹرو سٹی اور کارندوں کے خلاف درج ہوا قانون نافذ کرنے والے اداروں کی سست روی اور روایتی بے حسی کے سبب گوجر خان کے دو گھرانوں کے چشم و چراغ گل ہو چکے ہیں گزشتہ ماہ نیو میٹرو سٹی کے ایک فنکشن میں فائرنگ سے عبدالرحمان جامی کی زندگی کا چراغ بجھا جسکا مقدمہ راجہ دانیال اور اسکے دیگر ساتھیوں کے خلاف درج ہوا اسی سلسلے میں وہ عدالت میں پیش ہوئے تھے جبکہ اس کا ہمراہی عاصم ٹوٹی حالیہ ٹارگٹ کلنگ میں زخمی ہوا ہے جو جامی کیس کے مقدمے کا بھی ملزم ہے اس کی گرفتاری کے لیے دوران ریڈ بھینسوں کے ڈیرے سے پولیس تھانہ گوجر خان نے 64 کلو منشیات برآمد کر کے ایک اور مقدمے کا اندراج کیا بعدازاں اسی منشیات کیس میں پنجاب ہائی وے پٹرولنگ چیک پوسٹ مسہ کسوال کے تین ملازمین کو پولیس تھانہ گوجر خان نے ملزمان کیساتھ روابط اور منشیات فروختگی کی بنا پر گرفتار کیا بعدازاں بغیر برآمدگی وہ بھی جوڈیشل ہو گے اب اگر اصل مدے پر بات کی جائے تو مقتول اور نیو میٹرو سٹی کے درمیان تقریبا 2 سو کنال زمین کو لیکر کلیش چل رہا تھا چونکہ انکی جدی زمین کا بڑا حصہ سوسائٹی کے وسط میں ارہا تھا اور سوسائٹی مالکان وہ خریدنا چاہتے تھے جبکہ مقتول اور اسکی فیملی فروخت نہیں کرنا چاہتے تھے نیو میٹرو سٹی پر اگر دیکھا جائے تو مقامی لوگوں کی جانب سے انکی زمینوں پر قبضہ کرنے کی بابت متعدد کیس عدالتوں میں چل رہے جن میں انھوں نے محکمہ لینڈ کی کالی بھیڑوں کی ممکنہ ملی بھگت سے وہ زمینیں اپنے نام کروائیں اب مبینہ طور پر نظر آرہا ہے وہ اس ٹکڑے کو بھی حاصل کرنا چاہتے ہیں جو انکے راستے میں آتا ہے جس میں ایک چھوٹے سے قصبے میں چند خاندان رہائش پذیر ہیں اب سوال متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر بھی اٹھتا ہے کہ آخر راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کس مرض کی دوا ہے جو غیر قانونی ہاوسنگ سوسائٹیز خاص کر جو گوجر خان میں کام کر رہی ہیں ایک طرف انکا سٹیٹس اپنی ویب سائٹ پر دیکھا رہا کہ انکی کوئی قانونی حیثیت نہ ہے مگر انکے خلاف کاروائی کرنے اور انکو بند کروانے سے بھی گریزاں ہے آخر اسکی کیا وجہ ہے لوگوں کے اربوں روپے ڈوب گے مگر ادارے مافیا کو تحفظ فراہم کر کے عوام کو موت کی آغوش میں دے رہے ہیں گوجر خان جو امن و امان کا گہوارہ ہے اب اسکو بدامنی کی طرف دھکیلا جا رہا ہے جب سے سوسائٹیز کا قیام عمل میں آیا شہر کو نظر کھا گئی ایک طرف زرعی رقبے کو برباد کیا جا رہا ہے دوسری طرف اس شہر کے چراغ گل ہونے کا سلسلہ چل پڑا ہمارے پرامن لوگ مزید لاشوں کو کندھا دینے کے متحمل نہ ہیں اب بھی اداروں کو ہوش کے ناخن لینے چاہیں ساتھ منتخب عوامی نمائندگان کو بھی اپنی دھرتی کے غیور باسیوں کے کھلے گلابوں کو مرجھانے سے بچائیں سوسائٹیز کی آڑ میں لوگوں کو کنگال کرنے کیساتھ ساتھ لوگوں سے انکے سہاروں کو چھین کر اپاہج بنایا جا رہا ہے وزیر اعظم پاکستان، وزیر اعلی پنجاب آئی جی پنجاب پولیس اور چیف سیکریٹری پنجاب اس تمام صورتحال پر سختی سے نوٹس لیں اور غیر قانونی سوسائٹیز کے خلاف غیر جانبدار کمیشن بنایا جائے جو بلاتفریق کاروائیاں کر کے اس مافیا کی حوصلہ شکنی کروائے اور انکو منطقی انجام تک پہنچانے میں اہم کلیدی کردار ادا کرے چونکہ جہاں لوگوں کا مالی نقصان ہو رہا ہے وہیں قیمتی جانوں کا بھی ضیاع آئے روز ہو رہا ہے۔

مقتول راجہ دانیال کیانی



OMEGA
Homes & Residencia

SHOWBIZ شوبز

گلوکار جواد احمد بڑی مشکل میں پھنس گئے، مقدمہ درج



معروف گلوکار جواد احمد بجلی چوری کے تنازعے میں لیسکو عملے کے ساتھ تلخ کلامی کے الزام میں مشکل میں پھنس گئے۔ رپورٹ کے مطابق واقعہ جوہر ٹاؤن میں گلوکار جواد احمد کی اہلیہ کے بیوٹی پارلر پر پیش آیا، جہاں لیسکو عملہ بجلی چوری کی تحقیقات کے لیے پہنچا تھا۔ لیسکو کی جانب سے تھانہ نواب ٹاؤن میں درج کرائی گئی درخواست میں گلوکار جواد احمد، ان کے ساتھی عدیل اور چار نامعلوم افراد کو نامزد کیا گیا ہے۔ درخواست کے مطابق، جواد احمد نے موقع پر پہنچ کر عملے کے ساتھ گالم گلوچ کی اور عملے کو دھمکایا۔ مزید یہ بھی الزام لگایا گیا کہ انہوں نے اپنی گاڑی (ویگو ڈالا) عملے پر چڑھانے کی کوشش کی۔ لیسکو حکام نے بتایا کہ بیوٹی پارلر کے بجلی میٹر میں چھیڑ چھاڑ کی گئی تھی، جس کا مقصد بجلی چوری کرنا تھا۔ بجلی کی غیر قانونی ترسیل روکنے کے لیے پارلر کی بجلی منقطع کر دی گئی ہے۔ پولیس کو درخواست موصول ہو چکی ہے اور معاملے کی تحقیقات جاری ہیں۔ لیسکو نے اعلی حکام کو بجلی چوری کے شواہد اور دیگر تفصیلات فراہم کر دی ہیں۔

شادی سے پہلے حمزہ نے نیمل کو پیغامات بھیجے' عاطف اسلم

پاکستان کے معروف گلوکار عاطف اسلم نے انکشاف کیا ہے کہ شادی سے پہلے حمزہ علی عباسی نیمل کو ان کے موبائل سے پیغامات بھیجا کرتے تھے۔ عاطف اسلم، حمزہ علی عباسی اور نیمل خاور کا ایک ویڈیو کلپ سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہا ہے، جس میں تینوں فنکار مزاحیہ انداز میں گفتگو کرتے دکھائی دے رہے ہیں۔ اس ویڈیو میں عاطف اسلم نے کہا کہ حمزہ علی عباسی میرے حاجی بھائی ہیں اور ہم نے ایک ساتھ حج کیا تھا۔ انہیں یاد ہے کہ حج کے دوران حمزہ کے پاس موبائل نہیں تھا، تو حمزہ نے نیمل سے کہا کہ عاطف کے فون پر میسج بھیجو، اور پھر حمزہ نے ان کا موبائل لے کر نیمل سے باتیں کرنا شروع کر دیں۔ عاطف اسلم نے مزید بتایا کہ حج کے دوران ہی ان دونوں نے فیصلہ کیا کہ ان کی شادی کب اور کہاں ہوگی اور حمزہ نے شادی کے معاملات پر نیمل سے باتیں ان ہی کے موبائل پر کیں۔ عاطف اسلم کے مطابق نیمل نے حمزہ سے یہ بھی کہا تھا کہ وہ اپنے بال نہ کٹوائیں کیونکہ اس وقت حمزہ کے بال بڑے تھے۔ اس دوران حمزہ علی عباسی نے ہنستے ہوئے گلوکار کی باتوں کا جواب دیا اور کہا کہ عاطف اسلم میرے حاجی بھائی ہیں اور وہ حج کے دوران میرے ساتھ تھے۔ عاطف نے ہی مجھے صابن دیا تھا، اور میرے پاس ٹوتھ برش اور چپل بھی نہیں تھے



پشپا 3 سے متعلق اہم معلومات سامنے آگئیں

جنوبی بھارت کی بلاک بسٹر فلم پشپا 2 کے کمپوزر دیوی سری پراساد (ڈی ایس پی) نے پشپا 3 کے حوالے سے تازہ معلومات فراہم کی ہیں جس کے بارے میں جاننے کیلئے مداح بیقرار تھے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق پشپا 2 کے کمپوزر دیوی سری پراساد نے بتایا کہ فلم کے ہدایتکار اور فلمساز سوکومار اس کی کہانی پر دوبارہ کام کر رہے ہیں۔ اس فرنچائز کے تیسرے حصے میں بھی مرکزی کردار تیلگو فلم انڈسٹری کے سپر اسٹار الو ارجن ادا کریں گے۔ دیوی سری پراساد نے بھارتی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ پسپا 3 کی تیاری دراصل پشپا 2 کی بے مثال کامیابی کے بعد شروع کی گئی ہے کیونکہ اس فلم پر مداحوں کا بہترین رسپانس ملا ہے اور اب وہ تیسری فلم کے منتظر ہیں۔ دیوی پراساد نے بتایا کہ سوکومار اس منصوبے پر انتہائی محنت اور جوش کے ساتھ کام کر رہے ہیں، اور فلم کی کہانی اور مناظر کو مزید بہتر بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پشپا 3 کے لیے کچھ خیالات اور عناصر تیار کیے جا رہے ہیں

SPORTS سپورٹس

12 ہزار ٹکٹ والے شائقین انکلیوژر سے میچ دیکھ سکیں گے

یہ جگہ پلیئرز کو دیکھنے کے خواہشمند شائقین کرکٹ کیلئے بھی سب سے بہترین جگہ ہوگی



کراچی (سپورٹس ڈیسک) چیمپئنز ٹرافی میں میچ کا مہنگا ترین ٹکٹ 12 ہزار کا ہوگا، اس پر شائقین کرکٹ کو نئی بلڈنگ کے ساتھ بنائے گئے انکلیوژر سے میچ دیکھنے کا موقع ملے گا، یہ جگہ پلیئرز کو دیکھنے کے خواہشمند شائقین کرکٹ کیلئے بھی سب سے بہترین جگہ ہوگی۔ نیشنل اسٹیڈیم میں ہونے والے چیمپئنز ٹرافی کے میچز میں ایک ہزار روپے کے ٹکٹ پر شائقین کرکٹ میچ مڈ وکٹ کے انکلیوژر پر، 3500 کے ٹکٹ پر وائڈش لانگ آن ایریا پر، 7 ہزار کے ٹکٹ پر وی آئی پی انکلیوژر میں بیٹھ کر میچ دیکھ سکیں گے۔

چیمپئنز ٹرافی میں شرکت مشکوک اور مکمل بیڈ ریسٹ کی خبریں جھوٹی ہیں، جسپریت بمراہ



ممبئی (سپورٹس ڈیسک) بھارتی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر جسپریت بمراہ نے چیمپئنز ٹرافی میں شرکت مشکوک ہونے کی تمام خبروں کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان خبروں کو فیک نیوز قرار دیدیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا مجھے معلوم ہے کہ جعلی خبر پھیلانا کتنا آسان ہے لیکن واقعی اس خبر نے تو مجھے ہنسا دیا۔ ساتھ ہی بھارتی بولر نے ہنسنے والے متعدد ایموجیز کا بھی استعمال کیا۔ واضح رہے کہ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 19 فروری کو شروع ہوگی، اس سے قبل بھارت نے انگلینڈ کے خلاف 5 میچوں کی ٹی ٹوئنٹی سیریز کھیلنی ہے جو 22 جنوری سے شروع ہوگی، اس کے بعد 3 ون ڈے میچز بھی ہوں گے۔ گزشتہ روز بھارتی میڈیا کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ جسپریت بمراہ کی کمر کی تکلیف سے متعلق رپورٹس حوصلہ افزا نہیں ہیں، بمراہ کرکٹ میں واپسی کیلئے جلد بازی نہیں کریں گے، ڈاکٹروں نے انہیں بیڈ ریسٹ کا مشورہ دیا ہے۔

مخلصانہ محنت' خود اعتمادی کامیابی کی کنجی ہیں' شاہد آفریدی

کرکٹ سے ریٹائر ہونے بعد وہ فلاح و بہبود کے کام کر رہ ہوں، سابق کپتان کی جدہ میں پاکستانی انگلش اسکول کے پرنسپل اور طلبا سے گفتگو



جدہ (سپورٹس ڈیسک) قومی ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی نے اپنے کھیلوں کے تجربات اور کامیاب کیریئر کی اہمیت طلبا کے ساتھ شیئر کرتے ہوئے کہا ہے کہ نظم و ضبط، مخلصانہ محنت اور خود اعتمادی کامیابی کی اصل کنجی ہیں۔ ان خیلات کا اظہار انہوں نے جدہ میں پاکستانی انگلش اسکول کے طلبا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ شاہد آفریدی نے کہا کہ آپ کو خواب ضرور دیکھنے چاہئے، ان خوابوں کی تکمیل کے لئے دن رات محنت کریں۔ انہوں نے کہا پاکستان کا امیج بلند رکھیں۔ نہوں نے اسکول کے طلبا کی کرکٹ ٹیم کے ساتھ اسکول گراؤنڈ میں کرکٹ بھی کھیلی اور ان کو مشورے بھی دئے، طلبا نے سابق کپتان سے ان کے کیریئر کے تاریخی لمحات بارے سوالات پوچھے۔ طلبا سے بات چیت کے بعد کرکٹ کوچنگ سیشن ہوا جہاں نوجوان کرکٹرز نے اپنے قومی ہیرو سے بیٹنگ کی تکنیک اور کھیلوں کے طریقے سیکھے۔ تقریب میں طلبا اور اساتذہ نے گہرے جوش و خروش کا مظاہرہ کیا۔ قبل ازیں اسکول پرنسپل عدنان نے شاہد آفریدی کا تعارف کراتے ہوئے بتایا کہ کرکٹ سے ریٹائر ہونے بعد وہ فلاح و بہبود کے کام کر رہے ہیں اور پاکستان کے برینڈ ایمبسڈر بھی ہیں اس موقع پر قونصل جنرل خالد مجید، اور ڈپٹی قونصل جنرل عدنان جاوید بھی موجود تھے۔

پی سی بی کے ساتھ ریونیو شیئرنگ پر بات چیت آخری مراحل میں ہے، یو اے ای بورڈ



کراچی (سپورٹس ڈیسک) امارات کرکٹ بورڈ کے سی او او سبحان احمد نے کہا ہے کہ پاک بھارت شائقین کیلئے الگ اسٹینڈز کی کوئی ضرورت نہیں، یہاں شائقین بغیر کسی مسئلے کے ایک ساتھ بیٹھتے ہیں، ٹکٹیں جلد فروخت ہوں گی، پی سی بی کے ساتھ ریونیو شیئرنگ اور دیگر معاملات پر بات چیت آخری مراحل میں ہے، فریقین باہمی فوائد کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہیں۔ نجی ٹی وی کو انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ کسی بھی شراکت داری کی کامیابی کے لیے ضروری ہے کہ دونوں فریقین خود کو اہم محسوس کریں، پی سی بی نے ہماری باتوں کو سمجھا اور ہمارے درمیان خیالات کا مثبت تبادلہ ہوا، ہم جلد ہی معاملات کو حتمی شکل دینے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ انہوں نے یو اے ای میں پاکستان اور بھارت کے مزید دو طرفہ میچز کی میزبانی میں دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے وینیوز اور انفرا اسٹرکچر ہمیں انٹرنیشنل کرکٹ کیلئے مثالی انتخاب بناتے ہیں، اگر ٹیمیں تیار ہوں تو ہم میزبانی کیلئے تیار ہوں گے، یو اے ای کا منفرد کثیر الثقافتی ماحول ان میچز میں جوش و خروش کا نیا رنگ بھر دیتا ہے، چونکہ یہاں بہت سے بھارتی اور پاکستانی رہتے ہیں، اس لیے پاک بھارت میچ صرف کرکٹ نہیں بلکہ ایک جشن ہے، دونوں طرف کے شائقین اپنی ٹیموں کی حمایت کے لیے جمع ہوتے اور کھیل کا لطف اٹھاتے ہیں جس سے شاندار ماحول پیدا ہوتا ہے۔ پاکستانی شائقین کو درپیش ویزا چیلنجز کے حوالے سے سبحان احمد نے انکشاف کیا کہ یو اے ای حکومت کے ساتھ اس حوالے سے بات چیت جاری ہے، ہم اس بات کے لیے پرعزم ہیں کہ کرکٹ کے شائقین کسی غیر ضروری رکاوٹ کے بغیر میچز میں شریک ہو سکیں

پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان پہلا ٹیسٹ میچ (آج) شروع ہوگا

ملتان (سپورٹس ڈیسک) پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان دو ٹیسٹ میچوں پر مشتمل سیریز کا پہلا میچ (آج) جمعہ کو ہوگا، دونوں ٹیموں کے درمیان میچ ملتان کرکٹ سٹیڈیم کھیلا جائے گا۔ پاکستان ٹیم کی قیادت شان مسعود کریں گے جبکہ ویسٹ انڈیز کی ٹیم کریگ براتھویٹ کی زیر قیادت میدان میں اترے گی۔ دونوں ٹیموں کے درمیان دوسرا اور آخری ٹیسٹ میچ 25 سے 29 جنوری تک ملتان میں ہی کھیلا جائے گا۔ ٹیسٹ سیریز آئی سی سی ٹیسٹ چیمپئن شپ کا حصہ ہے۔ ملتان کرکٹ سٹیڈیم، ملتان میں گزشتہ سال اکتوبر میں پاکستان نے انگلینڈ کو دوسرے ٹیسٹ میچ میں 152 رنز سے شکست دی تھی۔ ویسٹ انڈیز کی ٹیم ان دنوں پاکستان کے دورہ پر ہے جہاں وہ میزبان پاکستان ٹیم کے خلاف دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز کھیلے گی۔ اس سے قبل پاکستان اے اور ویسٹ انڈیز کی ٹیموں کے درمیان راولپنڈی میں کھیلا گیا تین روزہ وارم اپ میچ ہار جیت کے فیصلے کے بغیر ختم ہو گیا تھا۔

بقیہ نمبر 1

کیا۔اس موقع پر اراکین پارلیمنٹ کا کہنا تھا کہ اسپیکرز کانفرنس کی سفارشات پر عمل کیا جائے۔اسپیکر ایاز صادق سے ملاقات میں اراکین قومی اسمبلی نے شکوہ کیا کہ صوبائی اسمبلیوں کے اراکین کی تنخواہیں اور مراعات ہم سے زیادہ ہیں لہٰذا ہماری تنخواہوں میں اضافہ کیا جائے۔حکومتی رضامندی پر قومی اسمبلی میں تنخواہوں میں اضافے کا بل پیش ہوگا، اس وقت ایم این اے کی تنخواہ اور ٹی اے ڈی اے ایک لاکھ 85 ہزار روپے ماہانہ ہے۔

بقیہ نمبر 2

نت حاصل رہی۔اس محفل شعروسخن کے میر مجلس تھے ڈاکٹر نذیر تبسم (تمغہ امتیاز) جبکہ مہمانان خاص میں شامل تھے پروفیسر ناصر علی سید (تمغہ امتیاز)' ڈاکٹر نثار ترابی' ڈاکٹر نذر عابد، وفا چشتی، محترمہ بشریٰ فرخ (تمغہ حسن کارکردگی) عزیز اعجاز، ڈاکٹر اظہر اعوان، سابق وفاقی سیکرٹری سید نصیر گیلانی، ظفر اللہ خان بابر، محترمہ ڈاکٹر شاہین عمر اور سبطین رضا لودھی 'وطن عزیز پاکستان کے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے ممتاز و مایہ ناز شعرا کرام میں شامل عبدالقادر تاباں، حماد ریاض، ناصر منگل، نصرت یاب نصرت، سید فدا حسنین شیرازی، نصیر زندہ، رفعت وحید، شیریں سید، آسیہ ہارون آسی، پروفیسر ملک ارشد حسین، سیماب اختر، مبشر سلیم بشر، جمال زیدی، پروفیسر عرفان جمیل ' ڈاکٹر اسحاق وردگ۔ڈاکٹر میاں احمد رضا۔محترمہ ثمینہ قادر۔پیر عظمت سلطان قادری، وسیم شاہد ، نعمت ملک مہمانان اعزاز تھے۔کالج کی طالبات اور جملہ سٹاف و معززین کی کثیر تعداد نے مشاعرہ میں شرکت کی۔قلم قافلہ پاکستان کی جانب سے مہمانان خاص کو سال نو کا ایوارڈ، گرین لیف کے سربراہ ڈاکٹر اظہر اعوان کی جانب سے خصوصی تحائف اور اسلام آباد کریسنٹ لائنز کلب کی طرف سے سند امتیاز سے نوازا گیا۔کالج کی پرنسپل ڈاکٹر شاہین عمر نے تمام شعرا کرام کو پرتکلف ظہرانہ دیا' شعرا کرام نے اپنی خوبصورت اور مرصع غزلیں سنا کر حاضرین کے دل جیت لئے۔اس سے قبل علی الصبح شہر اقتدار اسلام آباد سے ایک مخصوص کوسٹر کے ذریعے لگ بھگ 30 شعرا کرام پبی (نوشہرہ) کیلئے روانہ ہوئے ، دعائے سفر کے بعد خوش گپیوں، نصرت یاب نصرت کے فلک شگاف قہقہوں اور اشعار و لطائف کے دلاویز رنگوں میں ڈوبے شرکا کا یہ قلم قافلہ ساڑھے دس بجے صبح پبی گرلز کالج پہنچا، مشاعرہ کے بعد شعرائے کرام کو کالج کی پرنسپل کی طرف سے ظہرانہ دیا گیا۔جس کے بعد تین بجے دن یہ قافلہ واپس اسلام آباد روانہ ہوا۔

بقیہ نمبر 3

کے جی چھوان سیٹلائٹ لانچ سینٹر سے خلا میں بھیجا جائے گا۔میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان کے قومی خلائی ادارے سپارکو کی جانب سے تیار کردہ پاکستان کا پہلا الیکٹرو آپٹیکل سیٹلائٹ (آج) جمعہ کو خلا میں روانہ کیا جائے گا۔تیار کرلیا گیا لانچ کی تقریب سپارکو کمپلیکس کراچی میں منعقد ہوگی، سیٹلائٹ کو خلا میں بھیجے جانے کے مناظر پاکستانی عوام کو براہ راست دکھائے جائیں گے۔رپورٹ کے مطابق مقامی طور پر تیار کردہ (ای او-1) جدید سیٹلائٹ ہے، جسے وسیع مقاصد کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے جس میں ماحولیاتی نگرانی، زراعت، دفاع اور نگرانی شامل ہے۔سپارکو سے جاری بیان میں کہا گیا کہ (ای او-1) مشن کا آغاز اسپیس سائنس اور اختراعات میں پاکستان کی تکنیکی صلاحیتوں کو آگے بڑھانے میں اسپارکو کی لگن اور مہارت کی عکاسی کرتا ہے، مقامی طور پر تیار کردہ سیٹلائٹ پاکستان کے خلائی ٹیکنالوجی کے سفر میں ایک اہم سنگ میل ہے۔ای او-1 سیٹلائٹ ملک کی قدرتی وسائل کی نگرانی اور انہیں سنبھالنے، قدرتی آفات کی پیش گوئی اور ان کا جواب دینے، خوراک کی حفاظت میں مدد کرنے اور باخبر فیصلہ سازی کے ذریعے اقتصادی ترقی کو آگے بڑھانے کے لیے مفید ثابت ہوگا۔سیٹلائٹ پاکستان میں مختلف شعبوں میں کافی فوائد پیش کرے گا، اسپارکو کے مطابق (ای او- 1) زراعت میں فصلوں کی نگرانی، آبپاشی کی ضروریات کا اندازہ لگا کر پیداوار کی پیش گوئی اور غذائی تحفظ کے اقدامات میں کارگر ہونے کے ساتھ درست اقدامات لینے میں مددگار ثابت ہوگا۔علاوہ ازیں، شہری ترقی کے لیے سیٹلائٹ بنیادی ڈھانچے کی ترقی کی نگرانی کرنے، شہری پھیلاؤ کو منظم کرنے، شہری اور علاقائی منصوبہ بندی کی کوششوں میں مدد فراہم کرے گا۔(ای او-ون) ماحولیاتی نگرانی اور ڈیزاسٹر مینجمنٹ میں سیلاب، لینڈ سلائیڈنگ، زلزلوں، جنگلات کی کٹائی اور زمین کے کٹاؤ کے بارے میں بروقت اپ ڈیٹ فراہم کرے گا۔بیان کے مطابق سیٹلائٹ قدرتی وسائل کو سامنے لانے اوران تحفظ کی حکمت عملی کی میں بھی نمایاں کردار ادا کرے گا بشمول معدنیات، تیل اور گیس کے شعبوں، گلیشیئرز اور آبی وسائل کی نگرانی میں بھی کام آئے گا۔اسپارکو کے جاری بیان کے مطابق (ای او-1) سیٹلائٹ کا لانچ پاکستان کے خلائی سفر میں ایک اہم سنگ میل ہے، اس کامیابی کو قومی خلائی پالیسی کے اہداف کے ساتھ ہم آہنگ کرتے ہوئے قومی ترقی اور ترقی میں اعلیٰ درجے کی خلائی ٹیکنالوجی کی صلاحیتوں کو جگہ دینے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔واضح رہے کہ گزشتہ سال مئی میں بھی اسپارکو نے پاکستان سیٹلائٹ (PAKSAT MM1) کو لانچ کیا جسے بنانے کا مقصد ملک میں کمیونیکیشن اور رابطے کے بڑھتی ہوئی ضروریات پورا کرنا تھا۔اس کے علاوہ چین کے تعاون سے پاکستان نے گزشتہ سال نومبر میں چین کے خلائی مشن 'چینگ ای 8' مشن کے ساتھ چاند کی سطح پر تحقیق کے لیے شراکت داری کی تھی۔

بقیہ نمبر 4

کو اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی زیر صدارت مذاکراتی اجلاس میں حکومت کی جانب سے نائب وزیر اعظم سینیٹر اسحٰق ڈار، سینیٹر عرفان صدیقی، رانا ثنا اللہ، راجہ پرویز اشرف، نوید قمر، ڈاکٹر فاروق ستار، اعجاز الحق اور قادر مگسی شریک ہوئے۔پاکستان تحریک انصاف کی مذاکراتی کمیٹی میں شامل اپوزیشن لیڈر عمر ایوب، اسد قیصر، علامہ ناصر عباس، سلمان اکرم راجا اور صاحبزادہ حامد رضا بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔اجلاس کے دوران اسپیکر ایاز صادق نے کہا کہ اگر کسی کو میری چیئرمین شپ پر اعتراض ہے تو بتادیں، اپوزیشن اور حکومتی کمیٹی کی یہ تیسری نشست ہے، مذاکرات کے حوالے سے کچھ غلط فہمیاں ہوئیں، بات چیت میں کچھ تاخیر ہوگئی، یہ بھی تاثر دیا گیا کہ میں کوئی کردار ادا نہیں کر رہا ہے، امید ہے اجلاس مذاکرات میں پیش رفت کا باعث بنے گا۔پی ٹی آئی کی مذاکراتی کمیٹی کے اراکین نے چارٹر آف ڈیمانڈ پر دستخط کیے جس کے بعد اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے 3 صفحات پر مشتمل چارٹر آف ڈیمانڈ اسپیکر کو پیش کیا۔دریں اثنا، پی ٹی آئی عام انتخابات میں دھاندلی کی تحقیقات کے لیے جوڈیشل کمیشن کے قیام کے مطالبے سے دستبردار ہوگئی۔پی ٹی آئی نے چارٹر آف ڈیمانڈ میں 2 کمیشن آف انکوائری بنانے کا مطالبہ کیا ہے، چارٹر آف ڈیمانڈ میں کہا گیا ہے کہ چیف جسٹس کی زیر سربراہی یا 3 سینئر ججز پر مشتمل کمیشن بنایا جائے جس کے لیے ججز کا انتخاب حکومت اور پی ٹی آئی ملکر کریں گی۔حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ کمیشن کا اعلان 7 دن میں کیا جائے اور کمیشن کی کارروائی کو اوپن رکھا جائے۔چارٹر آف ڈیمانڈ میں کہا گیا کہ پہلا کمیشن 9 مئی کے واقعات کے تحقیقات کرے جبکہ بانی کی رینجرز کے ہاتھوں گرفتاری کی بھی تحقیقات کی جائیں اور گرفتاری کے بعد ملک بھر میں پیش آنے والے واقعات کی ویڈیوز کا جائزہ لیا جائے۔تحریک انصاف نے مطالبہ کیا کہ تمام گرفتاریوں کا قانونی حیثیت اور انسانی حقوق کے حوالے سے جائزہ لیا جائے جبکہ ایک ہی فرد کے خلاف متعدد ایف آئی آرز کے اندراج کا جائزہ لیا جائے۔چارٹر آف ڈیمانڈ میں کہا گیا کہ سنسر شپ، رپورٹنگ پر پابندیوں اور صحافیوں کو ہراساں کرنے کے

واقعات کی تحقیقات کی جائے، کمیشن انٹرنیٹ کی بندش اور اس ہونے والے نقصانات کے ذمہ داران کا بھی تعین کرے۔قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے واضح کیا کہ ان کے مطالبات میں اسیران کی رہائی شامل ہے بتایا کہ اسیران کو کسی ڈیل یا ڈھیل کے تحت نہیں بلکہ آئین اور قانون کے تحت رہا کیا جائے۔حکومتی مذاکراتی کمیٹی کے ترجمان سینیٹر عرفان صدیقی نے پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پی ٹی آئی کے مطالبات پر 30 جنوری سے پہلے اپنا جواب دے دی گی، مذاکرات میں بھی کوئی معجزہ ہوسکتا ہے، باہر جہاں بھی مذاکرت ہورہے ہوں ہوتے رہیں، ہمیں ہمارے ساتھ جو ہو رہا اس سے سروکار ہے۔

بقیہ نمبر 5

علاج مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور علاج معالجہ کیلئے ادویات کے سٹاک کو چیک کیا۔اس موقع پر انہوں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت ضلع بھر میں صحت عامہ کے لیے سروس ڈیلیوری کے معیار کو بہتر بنایا جا رہا ہے۔عوام کو بہتر سے بہتر علاج معالجہ فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے، عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے ہر ممکن وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے ڈاکٹرز سمیت دیگر طبی عملہ کی حاضری کو سو فیصد یقینی بنانے اور صفائی ستھرائی کو مزید بہتر بنانے سمیت وارڈز اور رومز میں بیڈشیٹس تبدیل کرنے اور واش رومز کی صفائی کا بھی خاص خیال رکھنے کی بھی ہدایات جاری کیں۔بعد ازاں ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے دیہی مرکز صحت باغ کا دورہ کیا اور صحت کی سہولیات کو چیک کیا۔انہوں نے ڈاکٹرز و سٹاف کی حاضری سمیت مریضوں کو دی جانے والی طبی سہولیات و ریکارڈ کا بھی جائزہ لیا اور مریضوں کو ادویات کی فراہمی کے حوالے سے ہدایات جاری کیں۔اس موقع پر انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضلع کے تمام مراکز صحت پر ہر قسم کے علاج کی سہولت مہیا کرنے کیلئے بھرپور اقدامات کئے جا رہے ہیں۔انہوں نے مرکز صحت انتظامیہ سے کہا کہ صحت کے شعبہ میں حکومتی اقدامات کے ثمرات عام مریضوں تک پہنچانے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے۔

بقیہ نمبر 6

خلاف وسیع انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کر رہی ہیں، 14 دسمبر 2024 سے جاری مختلف آپریشنز میں فورسز نے 22 خوارج کو ہلاک اور 18 کو زخمی کیا۔آئی ایس پی آر کے مطابق علاقے میں امن کی بحالی اور خوارج کے خاتمے تک آپریشنز جاری رہیں گے، سیکورٹی فورسز ملک سے دہشت گردی کی لعنت کو ختم کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ نمبر 7

سکین کی سہولت کیلئے انتہائی اہم ہے۔کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کے نمائندوں سے ملاقات کے دوران، سپیکر نے فنڈنگ کے عمل کو تیز کرنے اور کسی بھی قسم کے مسائل کو حل کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔انتظامی اور مالیاتی رکاوٹیں انہوں نے زور دیا کہ قومی خزانے کے تحفظ کے لیے ایسے عوامی منصوبوں کی بروقت تکمیل ضروری ہے۔سردار ایاز صادق نے نشاندہی کی کہ قومی اسمبلی کے 35 ارکان کے پاس اس وقت مناسب رہائش کی کمی ہے اور انہوں نے سی ڈی اے پر زور دیا کہ وہ متعلقہ سرکاری اداروں سے منصوبے کے بجٹ کی جلد منظوری لیں۔ انہوں نے سی ڈی اے کی جانب سے اس منصوبے کو سنبھالنے میں پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ نہ کرنے پر مایوسی کا اظہار کیا اور اس بات پر زور دیا کہ تاخیر کے نتیجے میں اخراجات میں اضافہ ہوا ہے جس سے قومی بجٹ پر غیر ضروری بوجھ پڑتا ہے۔سی ڈی اے کے نمائندوں نے اجلاس کو بتایا کہ یہ منصوبہ ابتدائی طور پر 2010 میں شروع کیا گیا تھا جس کا تخمینہ لاگت 2.6 بلین روپے تھی۔ تاہم طویل تاخیر کی وجہ سے اب لاگت بڑھ کر 8.6 ارب روپے تک پہنچ گئی ہے۔سی ڈی اے نے سپیکر کو تعمیراتی کام کی موجودہ صورتحال سے بھی آگاہ کیا۔اسپیکر نے پارلیمنٹ لاجز میں اضافی فیملی سوئٹس کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے کے لیے انتظامی اور مالیاتی مسائل کو فوری طور پر حل کرنے کی اہمیت کا اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر 8

موٹروے ایم 11 اور رحیم یار خان سے روہڑی تک موٹروے ایم 5 کو دھند کے باعث بند کر دیا گیا ہے تاکہ عوام کی حفاظت اور محفوظ سفر کو یقینی بنایا جاسکے۔موٹروے پولیس کے ترجمان نے بتایا کہ دھند میں لین کی خلاف ورزی حادثات کا باعث بن سکتی ہے، لہٰذا روڈ یوزرز سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ دھند میں لین ڈسپلن کو یقینی بنائیں۔ترجمان نے شہریوں کو مشورہ دیا کہ وہ زیادہ سے زیادہ دن کے اوقات میں سفر کرنے کو ترجیح دیں، جب کہ صبح 10 بجے سے شام 6 بجے تک دھند کے موسم میں بہترین سفری اوقات ہیں۔مزید برآں، ڈرائیور حضرات کو آگے اور پیچھے دھند والی فوگ لائٹس کا استعمال کرنے کی ہدایت کی گئی ہے تاکہ دوران سفر دیگر گاڑیوں کو بہتر طریقے سے دیکھا جاسکے۔موٹروے پولیس نے عوام کو غیر ضروری سفر سے گریز کرنے کی بھی اپیل کی ہے اور تیز رفتاری سے پرہیز کرنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ نمبر 9

منعقدہ تقریری مقابلے میں عالمی اعزاز اپنے نام کرلیا۔شہرام وصی نے دبئی میں منعقدہ ہاورڈ ماڈل یونائیٹڈ نیشنز کانفرنس کے تقریری مقابلے میں پہلی پوزیشن حاصل کرلی۔لاہور کے 15 سالہ طالب علم شہرام نے دبئی میں منعقدہ کانفرنس میں پاکستان کی نمائندگی کی۔مقابلے کے دوران 35 ملکوں کے ایک ہزار کے قریب طلبہ میں شہرام وصی نے پہلی پوزیشن حاصل کی

بقیہ نمبر 10

حصے دیکھے اور دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔انہوں نے ڈپٹی کمشنر کو بحالی سنٹر جلد مکمل فعال کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ نوجوان نسل کو نشہ کے نقصانات سے محفوظ رکھ کر صحت مند معاشرے کا قیام ناگزیر ہے۔ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے پراجیکٹ کے تکمیلی امور پر بریفنگ دی۔

بقیہ نمبر 11

سے زیادہ متاثر ممالک میں سے ایک ہے جہاں بار بار آنے والے سیلاب، ہیٹ ویوز اور پانی کی قلت جیسے عوامل خوراک کی سلامتی، بنیادی ڈھانچے کی استحکام اور لوگوں کے روزگار کے لیے خطرہ ہیں۔ورلڈ اکنامک فورم کی رپورٹ میں پاکستان میں بڑھتے ہوئے سیاسی اور سماجی پولرائزیشن پر بھی روشنی ڈالی گئی جبکہ رپورٹ میں بڑھتے ہوئے جغرافیائی سیاسی تنازعات، بگڑتے ہوئے معاشی عدم استحکام اور ماحولیاتی بحرانوں کو بھی اجاگر کیا گیا۔رپورٹ کے مطابق دیگر ترقی پذیر معیشتوں کی طرح پاکستان کو بھی پیچیدہ خطرات کا سامنا ہے جن سے نمٹنے کے لیے اسٹریٹیجک لچک اور پالیسی میں جدت ضروری ہے۔رپورٹ میں خبردار کیا گیا ہے کہ مہنگائی، کرنسی کی قدر میں کمی اور بڑھتے ہوئے قرضوں کے بوجھ سے پاکستان کی معیشت کمزور ہوسکتی ہے۔سی ای او مشعل پاکستان عامر جہانگیر کا کہنا ہے کہ پاکستان جدت کو فروغ دینے، گورننس کو مضبوط بنانے اور علاقائی تعاون کو بڑھا کر پاکستان مزید استحکام حاصل کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔عامر جہانگیر نے کہا کہ خطرات کو مواقع میں تبدیل کرنے کی صلاحیت مستقبل کا تعین کرے گی، اجتماعی عزم کے ساتھ پاکستان خود کو ابھرتے ہوئے عالمی منظر نامے میں اہم کھلاڑی کے طور پر کھڑا کرسکتا ہے۔

بقیہ نمبر 12

ہورہی ہیں بس عمران خان جوڈیشل کمیشن یہ چیزیں عوام کے مسائل کی بات نہیں ہورہی۔نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مذاکرات بھی ہورہے ہیں پھر یہ اسمبلی میں شور اور ہنگامہ بھی کر رہے ہیں، بائیکاٹ بھی کر رہے ہیں پھر انھوں نے 8 فروری کیلئے اناؤنس کردیا ہے اس کو ختم ہونا چاہیے انھیں ایک فیصلہ کرنا

پڑے گا۔رہنما تحریک فیصل چوہدری نے کہا کہ عدالتی کارروائیوں میں تیزی نہیں آئی یہ تو روٹین کی کارروائی ہے، اس سارے معاملے کو ڈیڑھ دو سال تو ہوگئے ہیں اس کو بہت ڈریگ کیا گیا، انوسٹی گیشنز پر اپر ابھی بھی نہیں ہیں، آج بھی بڑا انٹرسٹنگ ایویڈنس پیش کیا گیا، ایک ٹیلیفون پیش کیا گیا ایگزیبٹ کرواتے ہوئے تو وہ فل چارج تھا چمکتا دھمکتا، اس حد تک بے وقوفانہ بات ہے۔ایک سوال پرانھوں نے کہا کہ مذاکرات کی کامیابی کا انحصار کل حکومت کے رویے پر ہے، ہمارے تو دو بڑے سادے مطالبات ہیں۔

بقیہ نمبر 13

موڈیول پنجاب آرمز رولز 2023 کے تحت تیار کئے گئے ہیں۔

بقیہ نمبر 14

اس موقع پر ڈائریکٹر ایف آئی عبدالحمید بھٹو نے افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایف آئی کی جانب سے بجلی چوری پر قابو اور نادہندگان سے رکوری کرنے کے لیے ایف آئی کی بھرپور معاونت رہے گی جبکہ چیف ایگزیکٹو آفیسر سیپکو اعجاز احمد چنہ نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ بجلی چوری کے خلاف صفر رواداری کی حکمت عملی کو برقرار رکھتے ہوئے کمپنی کے افسران اور اہلکار ریکوری کے اہداف کو حاصل کرنے کے لیے اپنے فرائض ایمانداری کے ساتھ ادا کریں اور معاشرے میں بجلی چوری کی حوصلہ شکنی کے لیے بجلی چوروں اور نادہندگان کیخلاف دن رات بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھیں اور اگر کوئی افسر یا اہلکار بجلی چوری روکنے میں ناکام رہتا ہے تو اس کے خلاف سخت محکمہ جاتی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ نمبر 15

200 سے زائد پاکستانیوں کے ڈوبنے سے متعلق انکوائری کیخلاف اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایف آئی اے وسیع اللہ بھٹی کی درخواست پر سماعت ہوئی۔عدالت نے درخواست پر نوٹس جاری کرتے ہوئے 30 جنوری تک درخواست گزار اور دیگر کیخلاف کوئی کارروائی نہ کرنے کی ہدایت کی۔ایف آئی اے کے ڈپٹی ڈائریکٹر علی مراد، اسسٹنٹ ڈائریکٹر راشد بھٹی اور وسیع اللہ بھٹی کیخلاف انکوائری ہورہی ہے۔درخواست میں سیکریٹری داخلہ، ڈی جی ایف آئی اے، ڈی جی کراچی اور ڈائریکٹر ایچ آر ایف آئی اے کو فریق بنایا گیا ہے۔عدالت نے سیکریٹری داخلہ، ڈی جی ایف آئی اے و دیگر کو نوٹس جاری کردیئے۔ڈوبنے والے متعدد افراد کراچی ایئرپورٹ سے لیبیا گئے تھے۔

بقیہ نمبر 16

کلو چاٹ مصالحہ، 2 من سے زائد آئل اور دیگر اشیاء تلف کی گئیں۔علی الصبح ناکہ بندی کے دوران 91 گاڑیوں میں موجود 19 ہزار لٹر سے زائد دودھ کا معائنہ کیا گیا۔معمولی نقائص پر 131 پوائنٹس کو اصلاحی نوٹس جاری کئے گئے۔تلف کردہ اشیاء کو خوراک کی تیاری میں استعمال کیا جاتا تھا۔بارہا اصلاحی نوٹس دینے کے باوجود اصلاح نہ کرنے پر بھاری جرمانے عائد کئے گئے۔قوانین کی خلاف ورزیوں پر 2 فوڈ پوائنٹس کو بند بھی کیا گیا۔

بقیہ نمبر 17

بھی جایا جاسکتا ہے۔حکومتی کمیٹی کے ترجمان نے کہا کہ 31 جنوری سے قبل تحریک انصاف کو حکومتی کمیٹی جواب دے گی۔واضح رہے کہ حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان مذاکرات کا تیسرا اجلاس کچھ دیر بعد پارلیمنٹ ہاؤس میں ہوگا۔اجلاس کی صدارت اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کریں گے، جس میں پی ٹی آئی تحریری طور پر اپنے مطالبات پیش کرے گی۔

بقیہ نمبر 18

معنوں میں عوامی سروسز کے دفاتر بنانا ترجیح ہے اس ضمن میں عمارات کی بحالی کا کام بھی جاری ہے۔

بقیہ نمبر 19

کے مطابق رہائی ہے۔انہوں نے کہا کہ نہ ہمیں ڈیل چاہیے نہ ڈھیل چاہیے، اسیران کی رہائی، 26 نومبر اور 9 مئی پر جوڈیشل کمیشن ہمارے مطالبے ہیں۔قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر کا کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی اور شاہ محمود قریشی کی رہائی بھی مطالبہ ہے، ہمارے تمام اراکین کی رہائی آئین اور قانون کے مطابق کی جائے۔عمر ایوب نے یہ بھی کہا کہ ایگزیکٹو آرڈر سے یہ معاملات حل نہیں ہوسکتے، امپائر صحیح ہونا چاہیے، حکومت کمیشن بنائے دودھ کا دودھ پانی کا پانی ہوجائے گا۔

بقیہ نمبر 20

درخواست پر پولیس کو نوٹس جاری کردیا۔چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے عمران خان کی 8 مقدمات میں ضمانت کی درخواست کی سماعت کی۔عدالت نے درخواست پر پولیس کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا۔بانی پی ٹی آئی نے اپنے وکیل سلمان صفدر کی وساطت سے درخواستیں دائر کر رکھی ہیں۔درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ اے ٹی سی نے حقائق کے برعکس ضمانتیں مسترد کیں۔عدالت 8 مقدموں میں ضمانتیں منظور کرنے کا حکم دے

بقیہ نمبر 21

خلاف بھرپور مہم جاری ہے اس سلسلے میں ایف ڈی اے کی انفورسمنٹ ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے کچی آبادی گجر بستی اور علامہ اقبال کالونی میں رہائشی جائیدادوں کو بلا منظوری کمرشل بنانے پر 35 دکانوں کو سر بمہر کردیا اور مالکان کیخلاف چالان سپیشل جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت میں بھجوادیئے۔تفصیلات کے مطابق ڈی جی ایف ڈی اے کی طرف سے خصوصی حکم جاری کیا گیا ہے کہ غیر قانونی کمرشلائزیشن کے خلاف محکمانہ کارروائی کرکے انہیں قانونی دائرے میں لایا جائے جس پر ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ اسماء محسن کی زیر نگرانی اسٹیٹ آفیسر میاں شہزاد قمر، انسپکٹرز اسلم گجر، محمد شفیق و دیگر سٹاف پر مشتمل ایف ڈی اے کی انفورسمنٹ ٹیم نے کچی آبادی گجر بستی اور علامہ اقبال کالونی میں مختلف جائیدادوں کو چیک کیا تو وہاں بعض مالکان نے بلا منظوری دکانیں تعمیر کر رکھی تھیں جن کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے دکانوں کو سیل کر دیا گیا اور مالکان سے کیا گیا ہے کہ وہ رہائشی پلاٹس کو کاروباری مقاصد کیلئے استعمال میں لانے کیلئے باقاعدہ منظوری حاصل کرکے مروجہ واجبات جمع کرائیں بصورت دیگر ان کی دکانوں کو مسمار بھی کیا جاسکتا ہے۔انفورسمنٹ ٹیم نے جھنگ روڈ پر گلفشاں کالونی میں کارروائی کرتے ہوئے کمرشل جائیداد میں غیر قانونی تعمیرات کو بھی مسمار کردیا۔

بقیہ نمبر 22

عثمانی اور ناظم عتیق چشتی نے کہا ہے کہ جہیز ایک لعنت ہے۔جہیز ممانعت بل کا خیر مقدم کرتے ہیں۔یہ بل متفقہ طور پر منظور ہونا چاہیے۔پاکستان کی 50 فیصد سے زائد انتہائی غریب آبادی جہیز جیسی لعنت اور شادی کے نام پر غیر ضروری اخراجات کی متحمل نہیں ہے۔جہیز کا لین دین اور اس ضمن میں مطالبات غیر اسلامی، غیر اخلاقی اور غیر انسانی ہیں۔گھر بنانا، گھر چلانا، لڑکے کی ذمہ داری ہے مگر بدقسمتی سے پاکستان میں جاہلانہ رسوم و رواج اور ظالمانہ نظام نے یہ ذمہ داری لڑکی کے والدین کے کندھوں پر ڈال رکھی ہے۔انہوں نے کہا جبکہ جہیز کی لعنت کے خاتمہ کے لئے زوردار میڈیا مہم چلنی چاہیے اور جہیز کا مطالبہ کرنے والے لالچی خاندانوں پر عرصہ حیات تنگ کر دینا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ وہ خاندان جو مالی طور پر آسودہ ہیں اور اپنے سوشل سٹیٹس کے لئے جہیز دیتے بھی ہیں اور اس کی نمائش بھی کرتے ہیں، ایسے خاندان بھی اپنی سماجی، انسانی ذمہ داری کا لحاظ کریں اور اپنی سوچ کو بدلیں۔جہیز کی رسم کی وجہ سے لاکھوں لڑکیاں شادی سے محروم ہے۔

بقیہ نمبر 23

سکے اور طویل مدتی ترقی کو یقینی بنایا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ موجودہ کوششیں مطلوبہ نتائج نہیں دے رہی ہیں۔اسٹیٹ بینک کی حالیہ رپورٹ کے مطابق، مالی سال 2024 کے پہلے آٹھ ماہ میں غیر ملکی براہ راست سرمایہ کاری (FDI) میں 17.1 فیصد کی کمی آئی ہے، جس سے صرف 820.6 ملین ڈالر کی FDI حاصل ہوئی ہے۔یہ کمی اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ اقتصادی سفارتکاری کے لیے مزید مضبوط اور مؤثر حکمت عملی کی ضرورت ہے۔پاکستان بزنس فورم کے مطابق یہ تسلیم کیا جارہا ہے کہ اقتصادی سفارت کاری پاکستان کے بیرونی اقتصادی مفادات کے حصول میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔تاہم، اقتصادی سفارت کاری کے مقصد سے موجودہ کوششیں پاکستان کے بیرونی اقتصادی مفادات کے حصول میں خاطر خواہ اثر نہیں ڈالتی -لہذا، خارجہ پالیسی کے اس ٹول سے زیادہ سے زیادہ اثر حاصل کرنے کے لیے اقتصادی سفارت کاری میں ایک جامع اصلاحات کی ضرورت ہے۔بزنس کمیونٹی کے وفد سے ملاقات کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ ہمیں ہی ماننا ہوگا پاکستان کی خارجہ پالیسی نے تجارت اور کاروبار کو بڑھانے کے لیے اپنے سفارتی نقطہ نظر پر نظر ثانی کی اہمیت کو نظر انداز کیا ہے، جو اقتصادی ترقی کے حصول کے لیے انتہائی اہم ہیں۔وقت آ گیا ہے کہ پاکستان اپنی خارجہ پالیسی پر نظر ثانی کرے تاکہ تجارتی معاہدوں کو وسعت دی جائے اور پائیدار اقتصادی ترقی کے لیے براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری (FDIs) کو راغب کیا جائے۔اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے وزارت خارجہ اور وزارت تجارت مشترکہ طور پر غیر ملکی مشنز کو فعال کرنے اور پاکستانی مصنوعات کی مؤثر مارکیٹنگ کے لیے حکمت عملی تیار کرنے۔دوسری طرف صدر پاکستان بزنس فورم نے نے گورنر اسٹیٹ بینک پر بھی زور دیا کہ وہ 27 جنوری کو ہونے والے مانیٹری پالیسی اجلاس میں شرح سود کو مزید 4 فیصد تک کم کریں -ان کا کہنا تھا کہ یہ کمی تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لئے ضروری ہے تاکہ برآمد کنندگان اور صنعت کار بلا خوف و خطر کام کرسکیں اور ملکی قرض میں بھی مزید کمی واقع ہوسکے۔ ان کا مزید کہنا تھا ہمیں لبرلائزیشن پرائیویٹائزیشن اور گلوبلائزیشن کی طرف جانا ہوگا، حکومت کا اڑان پاکستان پروگرام خوش آئند ہے لیکن برآمدات تب ہی بڑھیں گی جب روپیہ مضبوط ہوگا اور بجلی کے یونٹ میں خاطر خواہ کمی واقع ہوگی۔اس ڈالر ریٹ پر آپ کچھ حاصل نہیں کرسکتے۔

بقیہ نمبر 24

مینجمنٹ حکمت عملی کی اہمیت پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کے لیے عالمی سطح پر مستحکم حکمت عملی کی ضرورت ہے تاکہ نہ صرف قدرتی آفات کا مقابلہ کیا جاسکے بلکہ ان کے اثرات کو کم سے کم کرنے کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جاسکیں۔روبینہ خورشید نے قومی، صوبائی اور ضلعی سطح پر موسمیاتی حکمت عملی کے نفاذ کی تجویز دیتے ہوئے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات نہ صرف ماحول پر بلکہ انسانی زندگی اور معیشت پر بھی گہرے اثرات ڈال رہے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ اس کے پیش نظر قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے ایک مستحکم اور مؤثر حکمت عملی اپنانا ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے لیے طویل مدتی منصوبوں پر کام جاری ہے اور ان منصوبوں کے تحت پاکستان میں زرعی شعبے کو بچانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں گے۔روبینہ خورشید کا کہنا تھا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے پاکستان میں سیلابوں اور خشک سالی کے خطرات میں اضافے کے امکانات ہیں، جس سے زرعی پیداوار اور پانی کی کمی کے مسائل میں مزید اضافہ ہورہا ہے۔انہوں نے کہا کہ موسمیاتی آفات سے نمٹنے کے لیے وسائل کی کمی ایک سنگین مسئلہ ہے اور اس کے حل کے لیے عالمی مالی امداد کی ضرورت ہے تاکہ پاکستان میں موسمیاتی آفات سے بچاؤ کی تیاری اور بحالی کے عمل کو بہتر بنایا جاسکے۔روبینہ خورشید نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے حکومتی سطح پر مکمل تعاون کی ضرورت ہے اور اس کے لیے عالمی سطح پر موسمیاتی فنڈز کی فراہمی اور دیگر اقدامات اٹھانے کی ضرورت ھے۔انہوں نے کہا کہ اگر ان مسائل کو فوری طور پر حل نہ کیا گیا تو موسمیاتی تبدیلیاں مزید تباہی کا سبب بن سکتی ہیں۔

بقیہ نمبر 25

پیسے فی لیٹر مقرر تھی۔وزارت خزانہ نے گزشتہ رات پیٹرول اور ڈیزل کی قیمت میں اضافے کا اعلامیہ جاری کیا گیا تھا۔پیٹرول 3 روپے 47 پیسے فی لیٹر مہنگا کیا گیا تھا، ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 2 روپے 61 پیسے فی لیٹر اضافہ کیا گیا تھا۔پیٹرول کی نئی قیمت 256 روپے 13 پیسے فی لیٹر مقرر کی گئی، جب کہ ہائی اسپیڈ ڈیزل کی نئی قیمت 260 روپے 95 پیسے فی لیٹر مقرر کی گئی تھی۔

بقیہ نمبر 26

پنجاب بھر میں دس لاکھ ایکڑ رقبے پر اگیتی کپاس کی کاشت کا ہدف مقرر ہے۔فیصل آباد ڈویژن کے لئے ایک لاکھ 20 ہزار ایکڑ پر اگیتی کپاس کی کاشت کا ہدف ہے۔محکمہ زراعت کی فیلڈ ٹیموں کو متحرک کر دیا گیا ہے جو کاشتکاروں کو فنی تربیت اور تکنیکی معاونت فراہم کریں گی۔ڈائریکٹر زراعت توسیع چوہدری خالد محمود نے بتایا کہ تیل دار اجناس، کماد اور آلو کی برداشت کے بعد خالی ہونے والے رقبے کو خاص طور پر اگیتی کپاس کی کاشت کے لئے استعمال کیا جائے گا۔اگیتی کاشتہ کپاس، موسمی کپاس کی نسبت زیادہ پیداواری صلاحیت رکھتی ہے اس میں موسمیاتی تبدیلیوں کے خلاف مزاحمت کی بہتر صلاحیت ہوتی ہے جو موجودہ ماحولیاتی چیلنجز کے پیش نظر ایک اہم خصوصیت ہے۔انہوں نے بتایا کہ یہ اقدامات پنجاب میں کپاس کی پیداوار بڑھانے اور کاشتکاروں کی آمدنی میں اضافے کے لئے سنگ میل ثابت ہوں گے۔

بقیہ نمبر 27

کے بعد دودھ پر ملائی رتی بھر نہیں ہوتی ہے بلکل پانی کی طرح بھینس کا دودھ 200 سے 220 اور گائے کا دودھ 170 سے 180 روپے کلو فروخت کر رہے ہیں اداروں کی جانب سے روزانہ کی بنیاد پر چیک اینڈ بیلنس نہ کرنا سمجھ سے بالاتر ہے گزشتہ دو تین ماہ سے جس طرح لوٹ مار کا بازار گرم ہے اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ متعلقہ اداروں کی ملی بھگت سے ملاوٹ شدہ دودھ فروخت کیا جا رہا ہے بچے آئے روز بیمار ہور ہے ہیں گوجرخان شہر اس وقت مسائل کی آماجگاہ بن چکا ہے شہری حلقوں نے حکومت پنجاب، چیف سیکرٹری پنجاب اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ مقامی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کو باور کروائیں کہ شہریوں کو معیاری آشیائے خوردونوش کی فراہمی کروانے میں وہ اپنا کلیدی کردار ادا کریں اور مضر صحت، ملاوٹ شدہ آشیائے خوردونوش فروخت کرنے والوں کے خلاف سے سخت کاروائیاں عمل میں لائیں۔

بقیہ نمبر 28

بوائز اینڈ گرلز ہائی سکول پنڈوریاں، گورنمنٹ بوائز اینڈ گرلز ہائی سکول بھلیر 119 اور پرائمری سکول احمد آباد کا اچانک دورہ کیا، سی ای او نے اساتذہ وطلبا کی حاضری چیک کی، تعلیمی کارکردگی، سکولوں میں صفائی ستھرائی، انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے، تزئین و آرائش کے اقدامات کا جائزہ لیا، سی ای او نے طلبا و طالبات کا ہوم ورک چیک کیا، ٹیچرز ڈائری اور ہوم ورک رجسٹر چیک کئے، سی ای او نے سکولوں کے ہیڈز کو محکمہ تعلیم کی طرف سے دیئے گئے تمام ٹاسک جلد مکمل کرنے، ہوم ورک روزانہ کی بنیاد پر چیک کرنے، اساتذہ اور طلبا کی 100 فیصد حاضری کو یقینی بنانے کی ہدائت کی، اس موقعہ پر ڈاکٹر محمد قیوم خان نے کہا کہ حکومت پنجاب تعلیمی سہولیات فراہم کرنے میں سنجیدگی سے کام کر رہی ہے، اساتذہ اور طالب علموں کے مسائل ترجیحی بنیاد و ں پر حل کئے جا رہے ہیں، سرکاری تعلیمی اداروں کا معیار بلند ہو چکا ہے، مزید بہتری کیلئے اقدامات کئے

جائینگے، ضلع ننکانہ کے تعلیمی اداروں کو مثالی ادارے بنائیں گے، آئندہ ہونیوالے امتحانات میں ضلع ننکانہ کے طلبا وطالبات نمایاں پوزیشن حاصل کرینگے۔

بقیہ نمبر 29

روڈ بلاک ہونے لگا وہی سکول رکشہ۔سکول وین۔موٹر سائیکل کچھ محفوظ نہیں ہے۔صفدر آباد روڈ ہو یا شاہکوٹ روڈ شہر کے اندر سکول ٹائم گنے کی ٹرالیوں اور ڈمپروں کی وجہ سے روڈ بلاک ہو جاتا ہے کسی حادثے کا سبب بن سکتا ہے۔صبح سکول ٹائم پھٹے والا پل پر رکشہ اور ٹرالی کا تصادم رکشہ نہر میں جاتا جاتا بچ گیا رکشے والا بچوں کو سکول چھوڑ چکا تھا رکشہ ڈرائیور بھی بال بال بچ گیا انتظامیہ والے پھاٹکوں پر دیہاڑی لگانے میں مصروف رہتے ہیں ابھی پچھلے دنوں چھٹیوں سے پہلے اسی پھٹے والے پل پر 3 ایکسیڈنٹ ہو چکے ہیں جن میں ایک کی موت واقع ہوئی مگر ہمارا نظام درہم برہم ہوا پڑا ہے آخر کیوں نظر نہیں آتا ہمارے قانون دانوں کو۔عوامی، سماجی حلقوں کے افراد نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، کمشنر لاہور ڈپٹی کمشنر ننکانہ اور اسسٹنٹ کمشنر سانگلہ ہل سے گزارش کی ہے کہ کم از کم ٹرالیوں اور ڈمپروں کو سکول ٹائم شہر میں نا آنے دیا جائے۔

بقیہ نمبر 30

فیصل آباد روڈ، سرگودھا روڈ اور گوجرہ روڈ پر تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا گیا، پختہ تجاوزات کو ہیوی مشینری سے ختم کیا جا رہا ہے جبکہ اس دوران عارضی تجاوزات کو ہٹانے اور دوکانداروں کو سامان دوکانوں کے احاطہ کے اندر رکھنے کی ہدایات بھی جاری کی جارہی ہیں۔اس حوالہ سے ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ انتظامیہ کی جانب سے تجاوزات کے مکمل خاتمہ تک آپریشن جاری رہیگا۔مسلسل خلاف ورزی کرنے والے دوکانداروں کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا۔ان کا مزید کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر شاہراہوں کو وسیع اور خوبصورت بنانے کے مشن کو عملی جامہ پہنانے کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 31

جو کہ اپنے تفویض کردہ امور احسن طریقے سے سرانجام دے رہا ہے اور حکومت پر کسی قسم کا مالی بوجھ نہیں ہے۔پاکستان تمباکو بورڈ ملک میں تمباکو کاشکاروں اور تمباکو انڈسٹری کے حقوق کا محافظ واحد ادارہ ہے جس کی مسلسل کاوشوں سے فی ہیکٹر پیداوار میں بھرپور اضافہ ہے جو کہ تمباکو کی ملکی کھپت کو پورا کرنے کے علاوہ تمباکو کی برآمدات میں بھرپور اضافے کا باعث ہے جس میں ملک میں ایک طرف زمیندار خوشحال ہوا دوسری طرف ملکی خزانے کو سال 24-2023 میں فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی (FED) کی مد میں 237 بلین روپے رقم موصول ہوئی ہے مزید برآں تمباکو بورڈ کے تمباکو برآمداد ون ونڈو آپریشن کی وجہ سے پچھلے سال ملکی خزانے میں 42 ملین امریکی ڈالر کے مقابلہ میں اس سال دسمبر 2024 تک 102 ملین امریکی ڈالر ریکارڈ کیا گیا جون 2025 تک 150 ملین امریکی ڈالر تک جانے کا بھرپور امکان موجود ہے۔وفاقی حکومت کے رائٹ سائزنگ کمیٹی کی مجوزہ فیصلہ سے یہ تمباکو کو فصل بھرپور متاثر ہوگی جس سے ملکی کھپت کے علاوہ برآمدات کا حصول بھی مشکل ہوگا، موجودہ فیصلے سے نہ صرف زمیندار پریشان ہے بلکہ بورڈ ملازمین بھی شدید اضطراب ہے اور اس فیصلے کے خلاف بورڈ ملازمین نے بھرپور احتجاج ریکارڈ کروایا ہے اور ساتھ ہی مطالبہ کیا ہے کہ وہ تمباکو کی بھلائی کے لیے ہر ممکن اقدام کریں گے اور یہ اپنے حقوق کے لیے ہر فورم استعمال میں لائیں گے

بقیہ نمبر 32

ہونے والی ایک اہم ملاقات کے دوران کیا گیا۔پاکستان اور چین کے درمیان معاشی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کی غرض سے ہونے والی اس ملاقات میں گفتگو کا محور سی پیک کے دوسرے مرحلے کے تحت مارکیٹ پر مبنی منصوبوں کو آگے بڑھانے اور خاص طور پر پنجاب میں چینی کمپنیوں کو درپیش چیلنجز کا حل نکالنا تھا۔چیئرمین پی بی آئی ٹی مفتی اشرف نے چینی سرمایہ کاروں کو ہر طرح کی سہولت اور سیکورٹی فراہم کرنے کے لیے پنجاب کے پختہ عزم کا اعادہ کیا اور غیر ملکی سرمایہ کاری میں سہولت کاری ، سازگار ماحول کی فراہمی سمیت اہم موضوعات کو اجاگر کیا۔انہوں نے کہا کہ ہم "چینی سرمایہ کاروں کو ہر طرح کی سہولت اور سیکورٹی فراہم کرنے کیلئے سنجیدہ ہیں تاکہ ان کے منصوبے پاکستان کی متحرک معیشت میں خوش اسلوبی کے ساتھ پایہ تکمیل کو پہنچیں"۔ملاقات میں دوطرفہ وفود کے تواتر کے ساتھ تبادلے کی اہمیت ، خاص طور پر چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار (ایس ایم ایز) کی شمولیت پر زور دیا گیا۔اس اسٹریٹجک اقدام کا مقصد نچلی سطح پر معاشی تعاون کو فروغ دینا، تجارت کے نئے مواقع پیدا کرنا اور سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ کرنا ہے۔

بقیہ نمبر 33

حیدر کو گرفتار کرلیا گیا۔پولیس کا کہنا ہے کہ مقتولہ کے گلے پر نشانات ہیں تاہم اس حوالے سے میڈیکل رپورٹ کا بھی انتظار ہے جس کیبعد مزید کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 34

طاہر زیدی کو ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے کی ہدایت، ڈپٹی سیکرٹری محکمہ کوآپریٹو مس طاہرہ اکرام کو تبدیل کر کے ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول تعینات ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ہیڈ کوارٹرز) بہاولپور مس سمیرا ربانی کو تبدیل کر کے ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ تعینات ، ڈپٹی سیکرٹری محکمہ پاپولیشن ویلفیئر حافظ محمد سلمان تنویر کی خدمات مینجنگ ڈائریکٹر پنجاب ماس ٹرانزٹ اتھارٹی تعینات ، تقرری کے منتظر غلام مرتضیٰ کو گریڈ 18 میں ترقی دے کر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (فنانس اینڈ پلاننگ) بہاولپور تعینات، تقرری کی منتظر مس سمل مشتاق کو ڈپٹی سیکرٹری (کوآرڈینیشن) ٹو ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب تعینات ،تقرری کے منتظر کیپٹن (ر) عبدالوہاب خان کو تبدیل کر کے ڈپٹی سیکرٹری محکمہ خزانہ تعینات ، سیکشن آفیسر ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ حافظ عمران نصیر کو تبدیل کر کے ڈپٹی سیکرٹری ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ تعینات اور ڈائریکٹر (ایڈمن) پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ محمد اعجاز کو تبدیل کر کے ڈپٹی سیکرٹری کوآپریٹو ڈیپارٹمنٹ تعینات کر دیا گیا۔اس ضمن میں محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 35

فیصلوں پر عملدرآمد کا اعادہ بھی کیا۔اس موقع پر بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا کہ کرم میں امن کا قیام دونوں فریق اور عوام کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں، کرم کے عوام کو حکومت کا ساتھ دینا ہوگا، دونوں فریق اور عوام شرپسند عناصر سے دور رہیں۔ان کا کہنا تھا کہ علاقے میں پائیدار امن کی خاطر بنکرز کی مسماری کا عمل جاری ہے، دونوں فریقین کے بنکرز بلاتفریق مسمار کئے جا رہے ہیں، کرم کے لئے امدادی سامان کا بڑا قافلہ عنقریب روانہ کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 36

چلا کر نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو آپریشنل کیا جائے گا۔ملکی اور غیر ملکی ایئرلائنز نے بھی نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پروازیں چلانے میں دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ نمبر 37

درخواستوں پر سماعت کی، بانی پی ٹی آئی نے جناح ہاؤس حملہ کیس سمیت دیگر مقدمات میں درخواست ضمانت دائر کی ہے۔درخواست گزار کی جانب سے موقف اپنایا گیا کہ نو مئی والے دن اسلام آباد میں نیب کی تحویل میں تھا، سیاسی انتقام کے لیے سازش کا الزام لگا کر مقدمات میں نامزد کیا گیا ہے، دو سال سے مقدمات کا سامنا کر رہا ہوں، انتقامی کارروائی کی جا

رہی ہے۔درخواست میں عمران خان کی جانب سے استدعا کی گئی کہ لاہور ہائیکورٹ 8 مقدمات میں ضمانت منظور کر کے رہائی کا حکم دے۔بعدازاں عدالت عالیہ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی 9 مئی کے 8 مقدمات میں ضمانت کی درخواستوں پر فریقین کو نوٹسز جاری کردیئے۔خیال رہے کہ لاہور کی انسداد دہشتگردی نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ضمانت کی 8 درخواستیں مسترد کردی تھیں، بانی پی ٹی آئی پر لاہور میں 9 مئی کے کل 12 مقدمات درج ہیں، عمران خان کی 4 مقدمات میں ضمانتیں منظور ہو چکی ہیں۔

بقیہ نمبر 38

کہا کہ ہندوستانی فوج کے سربراہ کا یہ بیان ریاست جموں وکشمیر میں جاری حق خود ارادیت کی تحریک سے دنیا کی توجہ ہٹانے اور ہندوستانی فوج اور سیکیورٹی فورسز کی جانب سے جموں وکشمیر کی عوام پر ڈھائے جانے مظالم کے خلاف ریاستی عوام کی مزاحمت کو دہشتگردی قرار دینے کی ایک ناکام کوشش کے سوا کچھ بھی نہیں۔

بقیہ نمبر 39

آرسٹی تھانہ میں درج کی گئی تھی ڈسٹرکٹ پولیس افسر ٹانک اسلم نواز نے ایس پی انوسٹی گیشن کیڈٹ ناصر ایس ایچ او سٹی مدثر حیات اور سب انسپکٹر انوسٹی گیشن فضل بادشاہ کی نگرانی میں خصوصی ٹیم تشکیل دی تھی پولیس نے پیشہ وارانہ مہارت کا استعمال کرتے ہوئے چوری شدہ موبائل کو بلوچستان خضدار کے نواحی علاقے نال میں ٹریس کیا اور قانونی کاروائی کرتے ہوئے موبائل حاصل کیا اور چوری شدہ موبائل ایس پی انویسٹیگیشن نے اپنے ہاتھوں سے سوشل میڈیا ایکٹیویسٹ وقبائل یونین اف جرنلسٹ کے ممبر انعام اللہ محسود کے حوالے کیا انعام اللہ محسود نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ ٹانک پولیس کے لیے ایک چیلنج کیس تھا جو انہوں نے بخوبی نبھایا انعام اللہ محسود نے ڈی پی او ٹانک اسلم نواز ایس پی انویسٹیگیشن ناصر کیڈٹ اور ایس ایچ او مدثر حیات اور سب انسپکٹر فضل بادشاہ کا خصوصی شکریہ ادا کیا

بقیہ نمبر 40

معاشی انقلاب لایا جاسکتا ہے۔یہ بات انہوں نے جمعرات کو پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ یونٹ کے افسران کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔سید قاسم نوید قمر نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل کے لئے پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کو موثر بنانے کی ہدایات دی ہیں۔سید قاسم نوید قمر نے بتایا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ منصوبوں میں مقامی سرمایہ کار بڑی تعداد میں دلچسپی لے رہے ہیں اور اس سلسلے میں عارف حبیب لمیٹڈ، جعفر برادرز، غریب سنز اور دیگر بڑے سرمایہ کار گروپوں نے رابطے کئے ہیں۔سید قاسم نوید قمر نے کہا کہ سندھ کی زرعی معیشت میں ویلیو ایڈیشن کے ذریعے موثر معاشی ترقی اور روزگار کے مواقع پیدا ہونگے۔انہوں نے ٹاسک دیا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت سندھ میں چاول کی پیداوار کو دو سال میں 6 ملین ٹن سے دگنا کر کے 12 ملین ٹن کے ٹاسک کو یقینی بنانے کی حکمت عملی ترتیب دی جائے تاکہ ہم خطے کے دیگر ممالک سے مسابقت میں آگے بڑھ سکیں۔سید قاسم نوید قمر نے ہدایات دیں کہ صوبے میں آم، امرود اور کھجور کی وسیع پیداوار کی ویلیو ایڈیشن کیلئے پیکجنگ، پلپنگ، سارٹنگ اور گریڈنگ کے مراکز بنائے جائیں تاکہ ان پھلوں سے قیمتی زرمبادلہ حاصل کیا جاسکے۔اجلاس میں سیکریٹری سرمایہ کاری سندھ راجہ خرم شہزاد ، ڈائریکٹر جنرل پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ یونٹ اسد ضامن اور دیگر سینئر افسران نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 41

حوالے سے ڈائریکٹر سرفراز خان ورک نے کہا کہ انسانی سمگلرز کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، ملزمان کی گرفتاری کے لئے تمام توسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ کسی شخص کو بھی معصوم لوگوں کی زندگیوں سے کھیلنے کی اجازت نہیں۔ٹھوس شواہد کی روشنی میں ملزمان کو قرار واقعی سزائیں دلوائیں گے۔

بقیہ نمبر 42

صوبہ سندھ کے گاؤں سندھ میں 17 جنوری 1904ء کو پیدا ہوئے۔جی ایم سید کا شمار برصغیر کے ان قومی رہنماؤں میں ہوتا ہے جنہوں نے تحریکِ پاکستان میں کلیدی کردار ادا کیا، وہ 1937ء میں سندھ اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے۔وہ 1941ء میں آل انڈیا مسلم لیگ کی مرکزی کونسل کے ناصرف رکن بنے بلکہ 1943ء میں مسلم لیگ کے سندھ چیپٹر کے صدر منتخب ہوئے۔جی ایم سید نے مسلمانانِ ہند کے لیے 1940ء کی قرارداد لاہور کی روشنی میں 3 مارچ 1943ء کو سندھ اسمبلی سے پاکستان کی حمایت میں قرارداد منظور کرائی۔جی ایم سید ادب سے لے کر سیاست، مذہب، ثقافت، محبت سمیت مختلف موضوعات پر 50 سے زائد کتابوں کے مصنف بھی تھے۔وہ بذاتِ خود ایک صوفیانہ شخصیت کے مالک تھے جن کو تمام مذاہب کے صوفیاء سے بے پناہ محبت اور احترام رکھتے تھے۔

بقیہ نمبر 43

فراہمی اور اس سیکٹر میں سرمایہ کاری کا عندیہ دے دیا۔صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے کہا کہ پنجاب حکومت نے سموگ کے تدارک کیلئے موثر حکمت عملی اپنائی۔

بقیہ نمبر 44

اعادہ کرتا ہے۔واضح رہے کہ حماس اور اسرائیل میں جنگ بندی اور یرغمالیوں کی رہائی کا معاہدہ طے پا گیا ہے، اس حوالے سے قطری وزیر اعظم محمد بن عبدالرحمان بن جاسم الثانی نے اعلان کیا ہے۔غزہ میں جنگ بندی کا عمل 3 مراحل پر مشتمل ہے، پہلے مرحلے میں 33 اسرائیلی اور 50 فلسطینی قیدی رہا ہونگے، اسرائیلی فوج غزہ کے شہری علاقوں اور رفاہ بارڈر سے پیچھے ہٹے گی، دوسرا مرحلہ جنگ بندی کے 16 روز بعد شروع ہوگا، دوسرے مرحلے میں مزید قیدیوں کی رہائی کیلئے اقدامات کئے جائیں گے، تیسرے مرحلے میں غزہ کی تعمیرنو، انتظامی امور کے معاملات طے کئے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 45

کیخلاف فورسز کی کامیاب کارروائیوں کی تعریف کی۔صدر نے کہا کہ مختلف کارروائیوں میں 22 دہشت گرد ہلاک، 18 زخمی کرنا سکیورٹی فورسز کی بڑی کامیابی ہے۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کے مکمل خاتمے تک سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔صدر نے کہا کہ پاکستان کی سکیورٹی فورسز کا دہشت گردی کے خاتمے کیلئے کامیاب کارروائیاں کرنا خوش آئند ہے۔صدر مملکت نے فتنہ الخوارج کے مکمل خاتمے کے قومی عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دہشتگرد عناصر کے خاتمے، ملکی دفاع کیلئے ہمارا عزم غیر متزلزل رہے گا۔

بقیہ نمبر 46

سال ہے۔پولیس کا کہنا ہے کہ بچوں نے بتایا ہے کہ والدہ مدرسے جانے کے لیے مارتی تھیں جس کی وجہ سے وہ گھر سے فرار ہوئے۔بچوں سے پولیس مزید پوچھ گچھ کر رہی ہے۔

بقیہ نمبر 47

منشیات مہارت کے ساتھ اپنے سفری بیگ میں چھپا رکھی تھی۔ملزم غیر ملکی پرواز کے ذریعے تھائی لینڈ کے لیے روانہ ہو رہا تھا۔ملزم کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید تحقیقات کا آغاز کردیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 48

میں قطر، مصر اور امریکا کا تعاون شامل ہے۔معاہدے میں ابتدا میں 6 ہفتوں کی جنگ بندی کا کہا گیا ہے۔معاہدے میں اسرائیل اور حماس کی جانب سے مرحلہ وار یرغمالیوں کے تبادلے، اسرائیلی فوج کی واپسی کے حوالے سے معاملات طے پائے تھے۔

بقیہ نمبر 49

گھروں پر چھاپوں اور شہریوں کی جامہ تلاشی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دنیا کے دنیا کے سب سے بڑے نام نہاد جمہوری ملک بھارت نے کشمیریوں کے تمام بنیادی حقوق سلب کر رکھے ہیں۔حریت کانفرنس نے 26 جنوری کو بھارتی یوم جمہوریہ کو ''یوم سیاہ'' کے طور پر منانے کی کال دی ہے

بقیہ نمبر 50

منصوبے پر 6 ارب ڈالر سرمایہ کاری کرے گی۔90 مربع کلو میٹر رقبے پر بننے والے منصوبہ سے 2027 میں بجلی ملنا شروع ہوگی۔متحدہ عرب امارات ماحولیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے ایک حکمت عملی کے طور پر صاف اور قابل تجدید توانائی کے منصوبوں پر عمل درآمد کر رہا ہے جن میں خاص طور پر شمسی توانائی کا حصول شامل ہے۔متحدہ عرب امارات تیل کے آخری قطرے کو الوداع کرنے اور اقتصادی ترقی اور صاف، صحت مند اور محفوظ ماحول کے تحفظ کے درمیان توازن حاصل کرنے کیلئے تیاری کر رہا ہے۔

بقیہ نمبر 51

ہے، مخالفین یہاں آ کر دیکھیں کہ کس طرح ایک ماں نے اپنے بچوں کے ساتھ اپنا رشتہ قائم کر لیا ہے' ۔وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا کہ بغیر کسی قصور کے 5 ماہ جیل میں رہ کر آئی ہوں، جیل میں نہیں روئی لیکن بچوں کو جب ان کا حق اسکالر شپ کی صورت میں ملتا ہے تو ان بچوں کی خوشی دیکھ کر آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں۔مریم نواز نے کہا کہ اب پنجاب کے بچوں کے ساتھ ایسا نہیں ہوگا کہ کسی کے خواب ادھورے رہ جائیں، اس سال 30 ہزار اسکالر شپ دی ہیں، یہ چھوٹا نمبر ہے، اگلے سال 50 ہزار تک لے کر جائیں گے۔

بقیہ نمبر 52

پولیس نے جدید اسلحہ، ڈرون کیمروں، اور دیگر ٹیکنالوجی کے ذریعے ڈاکوؤں کے خلاف کارروائی کو مزید موثر بنایا ہے۔آپریشن کے دوران پولیس نے ڈاکوؤں کے درجنوں ٹھکانوں پر چھاپے مار کر انہیں مسمار کر دیا اور ان میں سے متعدد ٹھکانوں کو نذر آتش کر دیا۔پولیس کا کہنا ہے کہ یہ ٹھکانے جرائم پیشہ سرگرمیوں کا مرکز تھے۔کارروائی کے ac دوران 15 مشکوک افراد کو گرفتار کیا گیا ہے، جنہیں تفتیش کے لیے حراست میں لے کر اہم معلومات حاصل کی جا رہی ہیں۔پولیس ذرائع کے مطابق، ان گرفتار افراد سے مزید نیٹ ورکس کا پتہ چلنے کا امکان ہے، جس سے ڈاکوؤں کے دیگر گروہوں کے خلاف کارروائی کو مزید وسعت دی جاسکتی ہے۔آپریشن کے دوران پولیس نے مقامی شہریوں سے بھی ملاقات کی، انہیں یقین دلایا کہ یہ آپریشن ان کی حفاظت اور علاقے میں امن وامان کی بحالی کے لیے کیا جارہا ہے۔ایس ایس پی زبیر نظیر شیخ نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ یہ آپریشن تب تک جاری رہے گا جب تک ڈاکوؤں کا مکمل خاتمہ اور علاقے میں امن کا قیام ممکن نہ ہو جائے۔پولیس نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ جرائم پیشہ افراد کی نشاندہی میں تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر قریبی پولیس اسٹیشن کو دیں۔شہریوں نے پولیس کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ اس آپریشن کے نتیجے میں علاقے میں امن وسکون کی فضاء قائم ہوگی اور جرائم پیشہ افراد کے خوف کا خاتمہ ہوگا۔یہ آپریشن کشمور ضلع کے لیے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوسکتا ہے اور اس کی مزید پیش رفت پر سب کی نظریں مرکوز ہیں۔

بقیہ نمبر 53

اسلامی اقدار اور اخلاقی اصولوں کو اپنانا ہوگا، علماء کو نوجوانوں کے ذہنوں میں پیدا ہونے والے سوالات کا جواب دینے کی پوری کوشش کرنی چاہیے، فارغ التحصیل طلبہ اور علماء اپنے اندر علمی مضبوطی اور روحانیت پیدا کریں، ہم حماس اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی معاہدے کا خیر مقدم کرتے ہیں، پاکستانی عوام فلسطینی بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور گزشتہ کئی دہائیوں سے اسرائیلی جارحیت کے خلاف جدوجہد میں اپنی جان ومال کا نذرانہ پیش کرنے والوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامعہ نعیمیہ میں سالانہ ختم بخاری شریف کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ نمبر 54

یونیورسٹی ہیلتھ سنٹر، کیمپس پل کے قریب نیو کیمپس میں سرکاری زمین پر 37 خاندان 50 سال سے ناجائز طور پر قابض تھے جنھوں نے 12 کنال کی قیمتی اراضی پر گھر بنا رکھے تھے۔جبکہ چند ملازمین نے یونیورسٹی کی زمین بیچیانے پر فروخت کر کے غیر متعلقہ افراد کو گھروں کا قبضہ دے رکھا تھا۔وائس چانسلر ڈاکٹر محمد علی نے عہدے کا چارج سنبھالتے ہی ناجائز قبضہ کا نوٹس لیا تھا جس پر ناجائز قابضین کو نوٹسز جاری کیے گئے۔اس سلسلے میں ڈاکٹر محمد علی نے ناجائز قبضہ واگزار کرانے سے روکنے کے لئے اہم ترین شخصیات کی سفارش بھی نہ سنی۔ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر ریحان صادق کی سربراہی میں انتظامیہ نے رات گئے آپریشن کیا اور سرکاری زمین پر قائم ناجائز گھر گرادیئے

بقیہ نمبر 55

ڈاکٹر رمیش کمار وانکوانی نے کہا کہ امریکہ سمیت عالمی برادری سال میں ایک دن مذہبی آزادی کے نام مختص کرسکتی ہے تو ہم کیوں پیچھے ہیں؟۔ڈاکٹر رمیش کمار کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی مذہبی ہم آہنگی اور رواداری کے حوالے سے جانی جاتی ہے

بقیہ نمبر 56

دکانیں رہائشی علاقوں میں موجود ہیں۔ملک بھر میں غیر معیاری سلنڈرز کے دھماکوں کے حادثات روز کا معمول بن گئے ہیں، جس میں کئی افراد اپنی جانیں گنوا بیٹھتے ہیں، حیدرآباد میں حال ہی میں سلنڈر دھماکے میں 27 افراد ہلاک ہوئے تھے۔محکمہ داخلہ سندھ کی جانب سے صوبے بھر کے تمام ڈپٹی کمشنرز کو غیر قانونی ایل این جی اور ایل پی جی دکانوں کو فوری طور پر شہر سے باہر منتقل کرنے کے احکامات دیے گئے تھے، مگر سلنڈرز کی دکانیں تاحال رہائشی علاقوں اور عمارتوں میں قائم ہیں

بقیہ نمبر 57

صاحبزادہ پیر محمد حبیب الرحمان محبوبی، مولانا سعید یوسف، مولانا مفتی محمد حسین چشتی، مولانا محمد الطاف حسین سیفی، مولانا مفتی محمد عارف، مولانا قاری محمد اعظم عارف، سیکرٹری صدارتی اُمور ڈاکٹر محمد ادریس عباسی، سیکرٹری مذہبی امور و اوقاف سردار محمد ظفر خان، سیکرٹری اسلامی نظریاتی کونسل حافظ رحمت اللہ تصور و دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 58

کے خلاف بھی ایف آئی آر درج ہے، اس میں کیا لکھا ہے؟ قاضی انور ایڈووکیٹ نے بتایا کہ میرے خلاف انسدادِ دہشت گردی کی ایف آئی آر درج کی گئی ہے۔چیف جسٹس اشتیاق ابراہیم نے ہنستے ہوئے ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ مال مقدمہ تو آپ کے ہاتھ میں ابھی بھی ہے، یہ چھڑی جو آپ نے پکڑی ہے۔اس پر قاضی انور ایڈووکیٹ نے جواب دیا کہ میری عمر 84 سال ہے، اب اس کے بغیر تو میں چل نہیں سکتا، مجھے ستارہ امتیاز دیا گیا ہے، اگر میرے خلاف ایف آئی آر واپس نہیں لی گئی تو ستارہ امتیاز اس عدالت میں واپس کردوں گا کیونکہ اگر یہ مجھے دہشت گرد کہتے ہیں تو پھر مجھے ستارہ امتیاز رکھنے کا کوئی حق نہیں ہے۔قاضی انور ایڈووکیٹ نے اپیل کی کہ حکومت جلد ایف آئی آر واپس لے۔پشاور ہائی کورٹ نے قاضی انور کے خلاف درج مقدمات کی تفصیلات طلب کرلیں

بقیہ نمبر 59

ایک اہلکار شہید ہوگیا۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کے مطابق حملے سے قافلے میں شامل 3 گاڑیوں کو نقصان پہنچا ہے جبکہ سیکورٹی فورسز کی جوابی کارروائی میں 6 دہشت گرد مارے گئے اور 10 زخمی بھی ہوئے۔اس سے قبل کرم

کیلئے تیسرا قافلے کے پہلے مرحلے میں 35 مال بردار گاڑیاں روانہ کی گئی تھیں جن میں دوائیں، سبزیاں، پھل اور کھانے پینے کی دیگر چیزیں شامل تھیں جبکہ قافلے کی سکیورٹی کیلئے پولیس، ایف سی اور سکیورٹی فورسز کی بھاری نفری تعینات تھی۔

بقیہ نمبر 60

مطابق امریکا میں یہ غیر جانبدار تنظیم تہران کو عالمی سطح پر دہشت گردی اور علاقائی عدم استحکام کا ایک بڑا ذریعہ سمجھتی ہے۔مذکورہ تنظیم کا منصوبہ امریکی حکومت کے لیے قومی طاقت کے چار اہم محوروں پر مبنی جامع حکمت عملی پر انحصار کرتا ہے۔یہ چار محور سفارتی، معلوماتی، فوجی اور اقتصادی ہیں۔اس کی اہم سفارشات میں اقوام متحدہ کے ذریعے بین الاقوامی پابندیاں دوبارہ لگانے کے طریقہ کار کو فعال کرنا، ایران سے ایٹمی پروگرام میں زیرو افزودگی یا دوبارہ پروسیسنگ کی پالیسی پر عمل کرنا شامل ہے۔

بقیہ نمبر 61

کے تعاون سے ملنے والے دونوں بچے سائٹ ایریا میٹروول سے پراسرار طور پر لاپتہ ہوگئے تھے اور اپنی خالہ کے گھر سے بازیاب ہوئے۔تفصیلات کے مطابق، 14 جنوری 2025 کو 12 سالہ شیراز اور 9 سالہ ارباز کراچی کے نارتھ کراچی اور گارڈن کے علاقوں سے لاپتہ ہو گئے تھے۔دونوں بچے مقامی مدرسہ کے طالب علم ہیں اور پولیس کو ان کی گمشدگی کی درخواست تھانہ سائٹ اے میں جمع کرائی گئی تھی۔

بقیہ نمبر 62

آتشزدگی کی امداد کیلئے امریکہ کی سب سے بڑی مسلم فلاحی تنظیم اکنا ریلیف کی امدادی کارروائیاں جاری ہیں، آتشزدگی سے سینکڑوں مکانات خاکستر، ہزاروں افراد بے گھر ہوگئے ہیں۔مسلم فلاحی تنظیم اکنا ریلیف کے سی ای او عبدالرؤف خان نے متاثرہ علاقے کا دورہ کیا اور آپریشن کی نگرانی کی۔انہوں نے کہا کہ آتشزدگی کا علم ہوتے ہی اپنی ٹیم فوری طور پر متاثرہ علاقے میں روانہ کردی تھی، ہماری ٹیم نے متاثرین کو ابتدائی ضروریات، جیسے کھانے پینے کی اشیا، ادویات، اور کپڑوں کی فراہمی شروع کی۔عبدالرؤف خان نے کہا کہ متاثرین کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے دن رات کام کررہے ہیں، اکنا ریلیف نہ صرف فوری امداد فراہم کرتی ہے بلکہ طویل المدتی بنیادوں پر بھی متاثرین کی بحالی کے لیے کام کرتی ہے، ہمارا مقصد ہے کہ متاثرین کی زندگی کو دوبارہ معمول پر لایا جائے۔

بقیہ نمبر 63

وجاسوسی کی صلاحیتوں کو بڑھانے کیلئے خریدا گیا تھا۔ہرمس 900 ڈرون اڈانی ڈیفنس اینڈ ایئرو اسپیس اور اسرائیلی ڈیفنس فرم ایلبٹ سسٹمز کے تعاون سے تیار کیا گیا ہے۔ ہرمس 900 ڈرون کی قیمت تقریباً 145 کروڑ بھارتی روپے بتائی گئی ہے۔مودی سرکار کا غیر معیاری منصوبوں پر اربوں ڈالر خرچ کرنا مضحکہ خیز عمل بن چکا ہے۔

بقیہ نمبر 64

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سارہ احمد نے نومولود بچے کو لاوارث چھوڑ کر فرار ہونے کے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے چائلڈ پروٹیکشن بیورو کی ٹیم کو نومولود بچے کو فوری طور پر تحویل میں لینے کی ہدایت کی ہے۔انہوں نے بتایا کہ آشیانہ روڈ پر نامعلوم افراد نومولود بچے کو لاوارث حالت میں چھوڑ کر فرار ہوگئے، ریسکیو نے نومولود بچے کو چلڈرن ہسپتال میں منتقل کردیا ہے۔چیئرپرسن سارہ احمد نے کہا کہ نومولود بچے کو تحویل میں لے کر چائلڈ پروٹیکشن بیورو منتقل کیا جائے گا، چائلڈ پروٹیکشن بیورو میں نومولود بچے کی بہترین نگہداشت اور پرورش کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 65

افواج کا مشرق کی طرف انخلا بھی ہوگا۔قطری وزیر اعظم نے تمام فریقوں سے اپیل کی کہ وہ غزہ معاہدے پر عمل درآمد کا عزم کریں۔کیلئے دونوں فریقوں کیلئے مشترکہ ثالثی کی کوششوں کی کامیابی کا اعلان کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے ، قیدیوں اور یرغمالیوں کے تبادلے اور پائیدار امن کی طرف واپسی کے حوالے سے ایک معاہدے تک پہنچنے میں کامیابی ملی ہے۔قطری وزیر اعظم نے اس بات کی تصدیق کی کہ حماس پہلے مرحلے میں 33 قیدیوں کو رہا کرے گی، غزہ معاہدے میں امداد کی فراہمی اور ہسپتالوں کی بحالی شامل ہے۔شیخ محمد بن عبدالرحمٰن الثانی نے کہا کہ پہلا مرحلہ 42 دن تک جاری رہے گا جس میں جنگ بندی ہوگی اور اس میں اسرائیلی افواج کا مشرق کی طرف انخلا بھی ہوگا۔قطری وزیر اعظم نے تمام فریقوں سے اپیل کی کہ وہ غزہ معاہدے پر عمل درآمد کا عزم کریں۔

بقیہ نمبر 66

خوارجی دہشتگردوں کو جہنم واصل کر کے سیکورٹی فورسز نے بڑی کامیابی حاصل کی ہے۔انہوں نے کہا کہ قوم کو بلاشبہ سیکورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں اور جرات پر فخر ہے، خوارجی دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے پر سیکورٹی فورسز کی تحسین کرتے ہیں۔وزیر داخلہ نے کہا کہ پاکستان کی بہادر سیکورٹی فورسز نے خوارجی دہشتگردوں کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا، سیکورٹی فورسز کے افسروں اور جوانوں کے قیام امن کیلئے اقدامات لائق ستائش ہیں۔محسن نقوی نے کہا کہ قوم کی حمایت سے خوارجی دہشتگردوں کا مکمل خاتمہ کیا جارہا ہے۔

بقیہ نمبر 67

کی تعریف کی ہے۔جمعرات کو جاری بیان میں وزیر اعظم شہباز شریف نے ان آپریشنز میں 22 خوارجی دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری ملک دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔وزیر اعظم نے کہا کہ ملک سے ہر قسم کی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہیں۔

بقیہ نمبر 68

، یہ ملکی تاریخی کا سب سے بڑا کرپشن اسکینڈل ہے۔عطا تارڑ نے کہا کہ ملکی معیشت درست سمت کی طرف گامزن ہے، مہنگائی میں بھی بڑی حد تک کمی آئی ہے، ورلڈ اکنامک فورم (ڈبلیو ای ایف) کی رپورٹ نے پاکستان کی معیشت پر اعتماد کا اظہار کیا ہے، ڈیفالٹ کا خطرہ مکمل طور پر ختم ہوگیا۔وزیر اطلاعات نے کہا کہ برطانیہ میں نیشنل کرائم ایجنسی (این سی اے) نے وزیر اعظم شہباز شریف کو بے گناہ قرار دیا تھا، اسی این سی اے نے 190 ملین پاؤنڈ ضبط کر کے پاکستان بھیجے، اگر یہ پیسہ ضبط شدہ نہیں تھا تو ایجنسی نے اسے پاکستان کیوں بھیجا۔انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی سے سوال ہے یہ اگر عوام کا اور سرکاری خزانے کا پیسہ نہیں تھا تو برطانیہ نے اسے حکومت پاکستان کے حوالے کیوں کیا؟۔انہوں نے کہا کہ بانی پاکستان تحریک انصاف پی ٹی آئی عمران خان کہتے ہیں کہ ان کا کوئی ذریعہ آمدن نہیں تو زمان پارک میں 25 کروڑ کا نیا گھر کیسے بنایا گیا؟ عطا تارڑ نے کہا کہ اپنے سیاسی کریئر میں کابینہ میں آج تک بند لفافہ نہیں دیکھا، کابینہ میں جو ایجنڈا آتا ہے اس پر بحث ہوتی ہے، رشوت کے ذریعے ہیرے، جواہرات خریدے گئے، قوم کے اربوں روپے کھانے والوں کو حساب دینا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ مذاکرات اچھے طریقے سے آگے بڑھ رہے ہیں لیکن کرپشن پر کوئی چھوٹ نہیں ہے، عمران خان ڈیل کرنا چاہتے ہیں، بانی پی ٹی آئی اپنے لوگوں کو کہتے ہیں کہ انہیں جیل سے باہر نکالا جائے۔

راولپنڈی' گاڑی کی ٹکر سے بھکاری جاں بحق، ڈرائیور فرار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں کچہری چوک پر گاڑی کی ٹکر سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔پولیس ذرائع کے مطابق حادثے کے بعد ڈرائیور موقع سے گاڑی سمیت فرار ہوگیا جبکہ لاش کو اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

ورلڈ اکنامک فورم کا پاکستان کی معاشی صورتحال پر اعتماد کا اظہار

معاشی چیلنجز کے باوجود پاکستان معاشی استحکام کی جانب بڑھ رہا ہے اور کڑے چیلنجز کے باوجود درست اقدامات کی بدولت معاشی کامیابیاں حاصل کیں

پاکستان نے مہنگائی میں کمی، معاشی استحکام، روپے کی قدر میں بہتری اور قرض کی بہتر انتظام کاری کے شعبوں میں نمایاں بہتری دکھائی

اسلام آباد (این این آئی) ورلڈ اکنامک فورم کی گلوبل رسک رپورٹ میں پاکستان کی معاشی صورتحال پر قابل اطمینان نقطہ نظر اور اعتماد کا اظہار کیا گیا ہے۔ ڈبلیو ای ایف نے گلوبل رسک رپورٹ 2025 جاری کر دی ہے۔ رپورٹ کے مطابق معاشی چیلنجز کے باوجود پاکستان معاشی استحکام کی جانب بڑھ رہا ہے اور کڑے چیلنجز کے باوجود درست اقدامات کی بدولت معاشی کامیابیاں حاصل کیں۔ خطے میں اسلحہ کی دوڑ کے باوجود پاکستان کی محتاط سوچ لائق تحسین ہے، دنیا بھر میں فوجی بجٹ میں اضافہ ہوا لیکن پاکستان اسلحہ کی دوڑ کا حصہ دار نہیں بنا۔ پاکستان نے مہنگائی میں کمی، معاشی استحکام، روپے کی قدر میں بہتری اور قرض کی بہتر انتظام کاری کے شعبوں میں نمایاں بہتری دکھائی۔ پاکستان ماحولیاتی طور پر سب (بقیہ نمبر11)

پاکستان کا غزہ میں اسرائیلی جنگ بندی معاہدے کا خیر مقدم

پہلے مرحلے میں 33 اسرائیلی اور 50 فلسطینی قیدی رہا ہوں گے، اسرائیلی فوج غزہ کے شہری علاقوں اور رفاہ بارڈر سے پیچھے ہٹے گی

دوسرے مرحلے میں مزید قیدیوں کی رہائی کیلئے اقدامات کئے جائینگے' تیسرے مرحلے میں غزہ کی تعمیر نو، انتظامی امور کے معاملات طے کئے جائینگے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے غزہ میں جنگ بندی معاہدے کا خیر مقدم کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا ہے کہ 15 جنوری 2025 کو ہونیوالی غزہ جنگ بندی کا خیر مقدم کرتے ہیں، پاکستان معاہدے پر فوری اور مکمل عمل درآمد کا مطالبہ کرتا ہے، امید ہے کہ معاہدہ مستقل جنگ بندی کا باعث بنے گا۔ دفتر خارجہ نے کہا کہ امید کرتے ہیں معاہدے سے انسانی امداد کو بڑھانے میں مدد ملے گی، اسرائیلی افواج کی اندھا دھند طاقت کے استعمال سے لاتعداد جانوں اور املاک کا نقصان ہوا ہے، لاکھوں بے گناہ فلسطینی بے گھر ہو چکے ہیں، اسرائیل کے توسیع پسندانہ عزائم نے پورے خطے کو غیر مستحکم کر دیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان مسئلہ فلسطین کے منصفانہ، جامع اور پائیدار حل کیلئے اپنی حمایت کا (بقیہ نمبر44)

وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین سے امریکی سرمایہ کاری کمپنی کا وفد ملاقات کر رہا ہیں

پی بی آئی ٹی، چینی مشن کا سی پیک میں ایس ایم ایز کی شمولیت پر زور

چیئرمین سرمایہ کاری بورڈ منتہیٰ اشرف کی چینی سفارتکار سے ملاقات

لاہور (این این آئی) پاکستان اور چین کے درمیان معاشی تعاون کو مزید گہرا کرنے کی ضرورت ہے اور اس ضمن میں چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتیں ہراول دستے کا کردار ادا کر سکتی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار چیئرمین پنجاب بورڈ برائے سرمایہ کاری و تجارت محمد منتہیٰ اشرف اور پاکستان میں چینی سفارتخانے کے منسٹر۔ کونسلر یانگ گوانگ یوان کے درمیان (بقیہ نمبر32)

پارلیمانی سیکرٹری برائے انسانی حقوق سونیا آشر کو اے آئی جی جینڈر کرائم شازیہ سرور بریفنگ دے رہی ہیں

شادی کے چند روز بعد ہی شوہر نے نوبیاہتا بیوی کو قتل کر دیا

22 دن پہلے شادی ہوئی تھی، قتل کے بعد شوہر نے واقعے کو خودکشی کا رنگ دیا تھا

پشاور (این این آئی) شادی کے 3 ہفتے بعد ہی بیوی کے قتل کے الزام میں شوہر کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق پشاور کے علاقے تہکال میں بیوی کے مبینہ قتل کے الزام میں شوہر کو گرفتار کیا گیا ہے۔ پولیس کا بتانا ہے کہ مقتولہ کی 22 دن پہلے شادی ہوئی تھی، قتل کے بعد شوہر نے واقعے کو خودکشی کا رنگ دیا تھا تاہم مقتولہ کے والد کی درخواست پر شوہر بلال (بقیہ نمبر33)

کرم معاملہ بیرسٹر سیف سے اہلسنت و اہل تشیع وفود کی ملاقاتیں

کرم کے عوام کو حکومت کا ساتھ دینا ہوگا، دونوں فریق اور عوام شر پسند عناصر سے دور رہیں' بیرسٹر سیف

دونوں وفود نے کرم معاملے پر حکومت کو مکمل تعاون کا یقین دلایا اور قیام امن کے لئے حکومتی فیصلوں کا خیر مقدم کیا

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر ڈاکٹر سیف سے اہلسنت و اہل تشیع وفود نے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ ملاقات کے دوران فریقین نے امن معاہدے کے نفاذ میں حائل رکاوٹوں پر تبادلہ خیال کیا، فریقین نے بیرسٹر ڈاکٹر سیف کو اپنے اپنے تحفظات سے بھی آگاہ کیا، مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا نے فریقین کو تحفظات دور کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ دونوں وفود نے کرم معاملے پر حکومت کو مکمل تعاون کا یقین دلایا اور قیام امن کے لئے حکومتی فیصلوں کا خیر مقدم کیا۔ فریقین نے بنکرز کی مسماری سمیت تمام حکومتی (بقیہ نمبر 35)

صحافی انعام اللہ کا موبائل خضدار بلوچستان سے برآمد

ٹانک پولیس کے لیے ایک چیلنج کیس تھا جو انہوں نے بخوبی نبھایا' صحافی انعام

ٹانک (سٹاف رپورٹر) ٹانک پولیس کا کارنامہ، سوشل ایکٹیویسٹ اور صحافی انعام اللہ خان کا موبائل خضدار بلوچستان سے برآمد۔ تفصیلات کے مطابق کچھ عرصہ پہلے بندوق کی نوک پر سوشل میڈیا ایکٹیویسٹ و قبائل یونین آف جرنلسٹس کے ممبر انعام اللہ خان محسود سے موبائل فون موٹر سائیکل اور نقدی چھین لیے گئے تھے جس کی باقاعدہ ایف آئی (بقیہ نمبر39)

نیو گوادر ایئرپورٹ 20 جنوری سے آپریشنل کرنیکا اعلان

ملکی اور غیرملکی ایئرلائنز نے گوادر ائیرپورٹ کیلئے پروازیں چلانے میں دلچسپی کا اظہار کیا ہے، سی اے اے

نیو گوادر انٹرنیشنل ائیرپورٹ 20 جنوری سے پروازوں کیلئے آپریشنل ہوگا' CAA نے نوٹم جاری کرکے تمام ایئرلائنز کو آگاہ کر دیا

گوادر (این این آئی) سول ایوی ایشن اتھارٹی (سی اے اے) نے نیو گوادر انٹرنیشنل ائیرپورٹ کو 20 جنوری سے آپریشنل کرنیکا اعلان کر دیا۔ ذرائع سی اے اے نے نیو گوادر انٹرنیشنل ائیرپورٹ کو آپریشنل کرنے کے حوالے سے نوٹم جاری کر دیا۔ نوٹم کے مطابق نیو گوادر انٹرنیشنل ائیرپورٹ 20 جنوری سے پروازوں کیلئے آپریشنل ہوگا۔ سی اے اے نے نوٹم جاری کر کے تمام ایئرلائنز کو آگاہ کر دیا۔ نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے حوالے سے یہ باضابطہ طور پہلا تحریری نوٹم ہے۔ ابتدائی طور پر قومی ایئرلائن پی آئی اے کی پروازیں (بقیہ نمبر36)

وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ سے ڈائریکٹر جنرل والڈسٹی کامران لاشاری ملاقات کر رہے ہیں

بھارتی آرمی چیف کا بیان عالمی برادری کی توجہ ہٹانے کیلئے ہے، سمعیہ

مظفر آباد (این این آئی) مرکزی چیئرپرسن مسلم کانفرنس خواتین ونگ/ چیئرپرسن کشمیر ویمن الرٹ فورم سمعیہ ساجد نے ہندوستانی فوج کے سربراہ جنرل اوپندر دویدی کی جانب سے پاکستان پر دہشتگردی کا الزام لگانے کی سخت الفاظ میں مزمت کرتے ہوئے (بقیہ نمبر38)



یتیم خانہ چوک میں لوگ مخیر حضرات کی جانب سے تقسیم ہونیوالا کھانا لے رہے ہیں

عمران خان کی 9 مئی 8 مقدمات میں ضمانت درخواستوں پر فریقین کو نوٹسز

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی 9 مئی کے 8 مقدمات میں ضمانت کی درخواستوں پر فریقین کو نوٹسز جاری کر دیئے۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم کی سربراہی میں دو رکنی بنچ نے عمران خان کی (بقیہ نمبر 37)

گرلز ڈگری کالج بہی میں قلم قافلہ اور اسلام آباد کریسنٹ لائنز کلب کے زیر اہتمام "کل پاکستان مشاعرہ" میں شعراء اپنے کلام پیش کر رہے ہیں

شافع حسین سے امریکی سرمایہ کار کمپنی کے وفد کی ملاقات

امریکن کمپنی کا پنجاب حکومت کو ٹیکنیکل اس سیکٹر میں سرمایہ کاری کا عندیہ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین سے انوائرمنٹ سیکٹر سے وابستہ امریکی سرمایہ کار کمپنی کے وفد نے ملاقات کی۔ پنجاب سرمایہ کاری بورڈ کے کمیٹی روم میں ہونے والی ملاقات میں پنجاب میں کاربن ٹریڈنگ پراجیکٹس پر بات چیت ہوئی۔ امریکن کمپنی نے انوائرمنٹ سیکٹر میں پنجاب حکومت کو ٹیکنیکل معاونت کی (بقیہ نمبر43)

جئے سندھ تحریک کے بانی، قوم پرست رہنما سائیں جی ایم سید کی آج 118 ویں سالگرہ

کراچی (این این آئی) جئے سندھ تحریک کے بانی، قوم پرست رہنما سائیں جی ایم سید کی آج ایک سو اٹھارہویں سالگرہ منائی جا رہی ہے۔ کانگریس لیڈر غلام مرتضیٰ العروف جی ایم سید برطانوی ہندوستان کے (بقیہ نمبر 42)

لیبیا کشتی حادثے میں ملوث بدنام زمانہ اشتہاری پکڑا گیا

ملزم سادہ لوح شہریوں کو غیر قانونی طور بیرون ملک بھجوانے میں ملوث تھا

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹر ایف آئی اے لاہور زون سرفراز خان ورک کی ہدایت پر انسانی سمگلرز کے خلاف گھیرا تنگ کر دیا گیا، لیبیا کشتی حادثے میں ملوث بدنام زمانہ اشتہاری پکڑا گیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ملزم محمد حماس کو گوجرانوالہ سے گرفتار کیا گیا، ملزم سادہ لوح شہریوں کو غیر قانونی طور بیرون ملک بھجوانے میں ملوث تھا۔ اس (بقیہ نمبر 41)

ترقیاتی منصوبوں میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے معاشی انقلاب لائینگے' قاسم نوید قمر

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ کے معاونِ خصوصی برائے سرمایہ کاری و پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ سید قاسم نوید قمر نے کہا ہے کہ ترقیاتی منصوبوں میں پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے زریعے صوبے میں (بقیہ نمبر40)

سال نو کی مناسبت سے 'کل پاکستان مشاعرہ' کا انعقاد

چیئرمین سینئر صحافی' کالم نگار اور ممتاز شاعر و ادیب نیئر سرحدی نے نظامت کی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد اور اسلام آباد کریسنٹ لائنز کلب کے زیر اہتمام سال نو کی مناسبت سے گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج بہی نوشہرہ کے خوبصورت ہال میں 'کل پاکستان مشاعرہ' کا انعقاد کیا گیا۔ تعاون تھا 'گرین لیف' کا نظامت کے فرائض قلم قافلہ پاکستان کے چیئرمین سینئر صحافی' کالم نگار اور ممتاز شاعر و ادیب نیئر سرحدی نے انجام دیے جبکہ انہیں قلم قافلہ پاکستان کی وائس چیئرپرسن محترمہ آسیہ ہارون آسی کی بھرپور معاو (بقیہ نمبر 2)

کراچی ایئرپورٹ' منشیات اسمگلنگ' سری لنکن گرفتار

دوران تلاشی سری لنکا کے باشندے سے 1 کلو 818 گرام ہیروئن برآمد ہوئی

کراچی (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے کراچی ایئرپورٹ پر کارروائی کر کے منشیات اسمگلنگ میں ملوث غیر ملکی کو گرفتار کر لیا۔ اے این ایف کے ترجمان کے مطابق بھاری مقدار میں منشیات کی تھائی لینڈ اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی۔ دورانِ تلاشی سری لنکا کے باشندے سے 1 کلو 818 گرام ہیروئن برآمد ہوئی ہے، جس نے (بقیہ نمبر47)

صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر نیشنل ہاکی اسٹیڈیم میں کھیلا پنجاب گیمز کی تیاریوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر برائے سرمایہ کاری و پبلک پارٹنرشپ سید نوید قاسم منصوبوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

غزہ سیز فائر معاہدے کے بعد اسرائیلی حملہ، 33 شہادتیں

معاہدے میں ابتدا میں 6 ہفتوں کی جنگ بندی کا کہا گیا ہے

دوحہ (این این آئی) قطری دارالحکومت دوحہ میں غزہ سیز فائر معاہدہ طے پا جانے کے بعد اسرائیل نے دوبارہ حملوں کا سلسلہ شروع کر دیا۔ عالمی میڈیا کے مطابق غزہ میں طبی امداد دینے والے اداروں نے بتایا ہے کہ تازہ اسرائیلی حملوں میں 32 شہادتیں ہوئی ہیں۔ 15 ماہ سے جاری غزہ جنگ کے بعد حماس اور اسرائیل کے درمیان طے پاجانے والے اس معاہدے (بقیہ نمبر48)

صحت دشمن عناصر کیخلاف پنجاب فوڈ اتھارٹی کا ایکشن

266 فوڈ پوائنٹس' دودھ سپلائرز کی چیکنگ' 44 کو 6 لاکھ 26 ہزار جرمانہ عائد

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) صحت دشمن عناصر کیخلاف پنجاب فوڈ اتھارٹی کا کریک ڈاؤن جاری ہے۔ 266 فوڈ پوائنٹس، دودھ سپلائرز کی چیکنگ، 44 کو 6 لاکھ 26 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ 2 فوڈ پوائنٹس بند، 5 سیمپل بھی لئے گئے، 250 کلو جائنہ نمک، 50 (بقیہ نمبر16)

یونان میں 200 سے زائد پاکستانیوں کے ڈوبنے کی انکوائری چیلنج

کراچی (این این آئی) یونان میں 200 سے زائد پاکستانیوں کے ڈوبنے کی انکوائری سندھ ہائی کورٹ میں چیلنج کر دی گئی۔ سندھ ہائیکورٹ میں یونان میں (بقیہ نمبر 15)

بھارتی یوم جمہوریہ کو "یوم سیاہ" کے طور پر منانے کی کال

سری نگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس نے بھارتی فورسز کی طرف سے محاصرے اور تلاشی کی کارروائیوں، (بقیہ نمبر 49)

کراچی' گھر سے پیسے لے کر فرار ہونے والے دونوں بچے مل گئے

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے سائٹ ایریا، میٹروول میں گھر سے پیسے لے کر فرار ہونے والے دونوں بچے مل گئے۔ پولیس کے مطابق دونوں بچے کیماڑی میں رشتے داروں کے گھر سے ملے ہیں، بچوں کے نام ارباز اور شیراز ہیں جن کی عمر 11 اور 9 (بقیہ نمبر46)



زرداری کا 22 خوارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) صدر آصف علی زرداری نے خیبر پختونخوا میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز میں 22 خوارج دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ جمعرات کو جاری بیان میں صدر مملکت نے انٹیلیجنس پر مبنی کارروائیوں کے دوران فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کا قلع قمع کرنے پر سکیورٹی فورسز کی بہادری کو سراہا۔ صدر مملکت نے ضلع خیبر میں تخریب کاری کے جواب میں خوارج (بقیہ نمبر45)

PTI حکومتی جواب سے مطمئن ہوئی تو مذاکرات آگے بڑھیں گے، عرفان صدیقی

تحریری مطالبات تمام اتحادی اپنے پارٹی سربراہ کے سامنے پیش کریں گے، تحریری جواب دیا جائے گا' گفتگو

واضح رہے کہ حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان مذاکرات کا تیسرا اجلاس کچھ دیر بعد پارلیمنٹ ہاؤس میں ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) حکومتی کمیٹی کے ترجمان عرفان صدیقی کا کہنا ہے کہ تحریک انصاف حکومت کے جواب سے مطمئن ہوئی تو مذاکرات آگے چلیں گے۔ پارلیمنٹ ہاؤس پہنچنے پر میڈیا سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے عرفان صدیقی نے کہا کہ تحریک انصاف آج اپنے تحریری مطالبات پیش کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ تحریری مطالبات تمام اتحادی اپنے پارٹی سربراہ کے سامنے پیش کریں گے، حکومت کی جانب سے بھی تحریک انصاف کو تحریری جواب دیا جائے گا۔ عرفان صدیقی کا کہنا ہے کہ 31 جنوری کی ڈیڈ لائن سے آگے (بقیہ نمبر17)

یو اے ای کا بیٹریوں میں ایک ہزار میگاواٹ بجلی محفوظ کرنیکا منصوبہ تیار

دبئی (این این آئی) متحدہ عرب امارات نے بیٹریوں میں ایک ہزار میگاواٹ بجلی محفوظ کرنے کا منصوبہ تیار کر لیا۔ عرب میڈیا کے مطابق متحدہ عرب امارات نے 5 ہزار میگاواٹ کا سولر پاور منصوبہ بھی بنانے کا اعلان کیا ہے، قابل تجدید توانائی کی سرکاری کمپنی (بقیہ نمبر 50)

راولپنڈی' گاڑی کی ٹکر سے بھکاری جاں بحق، ڈرائیور فرار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں کچہری چوک پر گاڑی کی ٹکر سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق حادثے کے بعد ڈرائیور موقع سے گاڑی سمیت فرار ہوگیا جبکہ لاش کو اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ جاں بحق ہونے والا شخص بھکاری تھا جس کی شناخت نہیں ہوسکی ہے۔ ہلاک ہونے والے شخص کی لاش کو ڈی ایچ کیو اسپتال منتقل کیا گیا ہے۔ سول لائن پولیس کی جانب سے واقعے کی تحقیقات جاری ہیں۔

پاکستان کا تیار کردہ پہلا الیکٹرو آپٹیکل سیٹلائٹ آج خلا میں روانہ ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے قومی خلائی ادارے اسپارکو کی جانب سے تیارہ کردہ پہلا الیکٹرو آپٹیکل سیٹلائٹ (آج) جمعہ کو خلا میں روانہ ہوگا، سیٹلائٹ کو چین (بقیہ نمبر3)

اسلحہ لائسنس میں ترمیم و تبدیلی کا عمل آن لائن کر دیا گیا

اسلحہ لائسنس کی وراثتی منتقلی اور ڈوپلیکیٹ لائسنس کی درخواست بھی آن لائن جمع ہوگی

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب نے اسلحہ لائسنس کے حوالے سے اقدام اٹھاتے ہوئے صوبے میں شہریوں کی سہولت کیلئے انفرادی اسلحہ لائسنس میں ترمیم و تبدیلی کا عمل آن لائن کر دیا۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق شہری اسلحہ بور کی تبدیلی، (بقیہ نمبر13)

کپاس کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ اگیتی کاشت کے فروغ کے لئے ایک جامع منصوبہ تیار

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) کپاس کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافے اور اگیتی کپاس کی کاشت کے فروغ کے لئے ایک جامع منصوبہ تیار کیا گیا ہے۔ اس منصوبے کے تحت (بقیہ نمبر26)

پولیس کا ڈاکوؤں کے خلاف وسیع پیمانے پر آپریشن

امن و امان کی بحالی کے لیے کارروائیاں جاری

کندھ کوٹ (علی نواز شیخ) کندھ کوٹ: ایس ایس پی زبیر نظیر شیخ کی سربراہی میں کشمور ضلع کے مختلف علاقوں میں ڈاکوؤں کے خلاف بڑا اور منظم سرچ آپریشن جاری ہے۔ آپریشن کا مقصد مغویوں کی بازیابی، لوٹ مار کرنے والے جرائم پیشہ گروہوں کا قلع قمع کرنا اور بھتے کی پرچیاں دینے والے ڈاکوؤں کے نیٹ ورک کو ختم کرنا ہے۔ اس آپریشن میں پولیس کی بھرپور قوت استعمال کی جا رہی ہے۔ تقریباً 200 سے زائد پولیس اہلکار، 6 اے پی سی (بکتر بند گاڑیاں)، اور 50 سے زائد ماہر پولیس کمانڈوز اس کارروائی کا حصہ ہیں۔ (بقیہ نمبر 52)

سیپکو کے دائرہ اختیار میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف شب و روز کارروائیوں کا سلسلہ جاری

کشمور (سید رشید احمد شاہ) گورنمنٹ آف پاکستان کی ہدایات پر سیپکو کے دائرہ اختیار میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف شب و روز کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی سلسلے میں ڈائریکٹر ایف آئی اے عبدالحمید بھٹو اور سی او سیپکو اعجاز احمد چنہ کی جانب سے تمام چیف انجینئر ز، ایس ایز آپریشن اور ایکسینز آپریشن کے ساتھ سیپکو ہیڈ کوارٹر سکھر میں میٹنگ منعقد کی گئی جس میں سیپکو کی موجودہ رکوری اور دیے گئے رکوری ٹارگیٹس کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ (بقیہ نمبر 14)

پنجاب فوڈ اتھارٹی کی عدم توجہی کے سبب شہری ملاوٹ شدہ دودھ خریدنے پر مجبور

دو سو روپے کلو بکنے والے دودھ پر رتی بھر ملائی نہیں دودھ فروش کیمیکل ملا دودھ فروخت کر کے دونوں ہاتھوں سے شہریوں کو لوٹنے لگے

گردونواح کے دیہاتوں سے مکس اور پنجاب سے آنے والا ٹھنڈا دودھ سستے داموں خرید کر دکاندار فل فیٹ کے نام پر فروخت کرنے لگے

گوجرخان (قمر شہزاد) فل فیٹ دودھ کی قیمت 220 روپے روپے دینے کے باوجود گوجرخان میں شہریوں کو گائے بھینس کا مکس اور پنجاب سے آنے والا ٹھنڈا و کیمیکل ملا دودھ پنجاب فوڈ اتھارٹی اور انتظامیہ کی عدم توجہی کے سبب دھڑلے سے فروخت کیا جانے لگا شہری ملاوٹ شدہ دودھ خریدنے پر مجبور شہریوں نے اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دودھ فروش گوجرخان کے گردونواح کے دیہاتوں سے 120 روپے سے 150 روپے کے درمیان دودھ خرید کر یہاں مہنگے داموں فروخت کرنے پر اکتفا نہیں کر رہے ہے بلکہ پنجاب سے آنے والا ستا ٹھنڈا دودھ بھی ساتھ مکس کر کے فروخت کرنے لگے ہیں بازاروں میں فروخت ہونے والے دودھ کا عالم یہ ہے کہ ابالنے (بقیہ نمبر27)

اسلحہ لائسنس میں ترمیم و تبدیلی کا عمل آن لائن کر دیا گیا

اسلحہ لائسنس کی وراثتی منتقلی اور ڈوپلیکیٹ لائسنس کی درخواست بھی آن لائن جمع ہوگی

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب نے اسلحہ لائسنس کے حوالے سے اقدام اٹھاتے ہوئے صوبے میں شہریوں کی سہولت کیلئے انفرادی اسلحہ لائسنس میں ترمیم و تبدیلی کا عمل آن لائن کر دیا۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق شہری اسلحہ بور کی تبدیلی، کیٹیگری میں تبدیلی اور گولیوں میں اضافے کی درخواست آن لائن دے سکتے ہیں، اسلحہ لائسنس کی وراثتی منتقلی اور ڈوپلیکیٹ لائسنس کی درخواست بھی آن لائن جمع کروائی جا سکے گی۔ اسلحے کی فروخت اور پاکستان بھر میں لائسنس کی میعاد میں اضافے کی درخواست بھی آن لائن دی جا سکتی ہے، متعلقہ کاغذات سے لے کر قانونی فیس تک معاملات آن لائن جمع کروائے جا سکتے ہیں۔ ترجمان کے مطابق اسلحہ لائسنس کے لئے آن لائن (بقیہ نمبر 13)

Daily Awami Lalkaar
عوامی للکار
ضرورت
نمائندگان
LALKAAR
ڈنیا بھر سے میل / فی میل
نمائندگان کی فوری ضرورت ہے
آپ صحافی بننا چاہتے ہیں
آپ کو لکھنے کا شوق ہے
آپ کو تلاش ہے ایک اچھے پلیٹ فارم کی
تو پھر آئیں ہماری ٹیم میں شامل ہو جائیں۔
بیورو چیف
ڈپٹی بیورو چیف
ڈسٹرکٹ رپورٹر
پولیٹیکل رپورٹر
لیڈی رپورٹر
سٹی رپورٹر
نمائندہ خصوصی
کرائم رپورٹر
نامہ نگار
سٹاف رپورٹر
مارکیٹنگ بزنس رپورٹر
جنرل رپورٹر
نیوز ایجنٹس کی ضرورت ہے
0312-7786354

ایڈیٹر انچیف ۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035